www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعہ 13 مارچ 2026ء بمطابق 23 رمضان 1447ھ | شمارہ 229 | قیمت 10 روپے

صدر مملکت نے نہال ہاشمی کو گورنر سندھ تعینات کرنے کی منظوری دے دی

صدر مملکت نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر آئین کے آرٹیکل 48 اور 101 کے تحت گورنر سندھ کے عہدے کیلئے نہال ہاشمی کی منظوری دیدی

وزیراعظم شہباز شریف نے سمری منظوری کے لئے صدر پاکستان کو بھجوائی تھی، وزیراعظم کی نہال ہاشمی سے ملاقات میں گورنر کو مبارکباد دی

صدر نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما نہال ہاشمی کو گورنر سندھ تعینات ہونے پر مبارک باد دی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق سینیٹر نہال ہاشمی کو گورنر سندھ تعینات کرنے کی منظوری دے دی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آرٹیکل 48 اور 101 کے تحت گورنر سندھ کے عہدے کے لیے نہال ہاشمی کی تقرری کی سمری کی منظوری دے دی۔ صدر آصف علی زرداری نے پاکستان مسلم لیگ (ن) (کے رہنما نہال ہاشمی کو گورنر سندھ تعینات ہونے پر مبارک باد دی اور ان کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سمری منظوری کے لئے صدر پاکستان کو بھجوائی، وزیراعظم کی نہال ہاشمی سے ملاقات ہوئی جس میں وزیراعظم نے نہال ہاشمی کو مبارکباد دی۔ خیال رہے کہ پیپلز پارٹی کے متعدد رہنما کامران ٹیسوری کو ہٹانے کا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

مشرق وسطی میں امریکی فوجی اڈے بند کریں ورنہ حملوں کیلئے تیار رہیں

نومنتخب ایرانی سپریم لیڈر

آبنائے ہرمز کو بند رکھا جائے گا، دشمن پر دباؤ ڈالنے کیلئے آبنائے ہرمز کو بند رکھنا چاہئے، ایرانی رہنماؤں اور عوام کے درمیان رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا، دشمن ایرانی عوام کو نشانہ بنا رہے ہیں، عوامی یکجہتی کے ساتھ دشمن کو شکست دیں گے

ہم اپنے شہداء خصوصاً مناب اسکول کے شہداء کا بدلہ لئے بغیر نہیں رہیں گے، دشمن کو ایرانیوں کے خون کا حساب دینا پڑے گا، ہم پڑوسیوں سے دوستانہ روابط پر یقین رکھتے ہیں، ہم صرف فوجی اڈوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، پیغام

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے شہداء کے خون کا بدلہ لینے کا اعلان کر دیا اور کہا کہ مشرق وسطی میں امریکی فوجی اڈے بند کریں، ورنہ حملوں کیلئے تیار رہیں۔ اپنے آڈیو پیغام میں ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ ہم اپنے شہداء خصوصاً مناب اسکول کے شہداء کا بدلہ لئے بغیر نہیں رہیں گے، دشمن کو ایرانیوں کے خون کا حساب دینا پڑے گا۔ مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ آبنائے ہرمز کو بند رکھا جائے گا، دشمن پر دباؤ ڈالنے کیلئے آبنائے ہرمز کو بند رکھنا چاہئے، ایرانی رہنماؤں اور عوام کے درمیان رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا۔ ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ میرا عبدہ مجھ سے کئی چیزوں کا تقاضا کر رہا ہے، دشمن ایرانی عوام کو نشانہ بنا رہے ہیں، عوامی یکجہتی کے ساتھ دشمن کو شکست دیں گے مجتبیٰ خامنہ ای کا کہنا تھا کہ عوام کی حمایت کے بغیر میری کوئی اہمیت نہیں، ایرانی عوام کا اتحاد ہمیشہ قائم رہے گا، ہمیں اپنے دشمن کو شکست دینی ہے۔ ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ عوام نے دنیا کو دکھایا ایرانی عظیم قوم ہے، مشرق وسطی میں امریکی اڈے بند کئے جائیں، امریکی اڈے بند نہ ہوئے تو حملے جاری رہیں گے۔ مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ ہم پڑوسیوں سے دوستانہ روابط پر یقین رکھتے ہیں، ہم صرف فوجی اڈوں کو نشانہ بنا رہے ہیں اور یہ ناگزیر طور پر جاری رکھیں گے، اللہ تعالی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

پیٹرولیم کے بعد حکومت نے درآمدی آر ایل این جی بھی مہنگی کردی

سوئی ناردرن کے لیے ایل این جی فی ایم ایم بی ٹی یو 622 روپے مہنگی کردی

اوگرا نے مارچ کے لیے درآمدی ایل این جی کی قیمتوں میں بڑا اضافہ کر دیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پیٹرولیم مصنوعات کے بعد وفاقی حکومت نے درآمدی آر ایل این جی بھی مہنگی کر دی۔ اوگرا نے مارچ کے لیے درآمدی ایل این جی کی قیمتوں میں بڑا اضافہ کر دیا جب کہ سوئی ناردرن کے لیے ایل این جی فی ایم ایم بی ٹی یو 2 2 6 روپے مہنگی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سندھ ریونیو بورڈ کی کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسرائیل کا ایران میں جوہری تنصیب پر حملہ، عراق میں آئل ٹینکر تباہ

ریسکیو آپریشن کے دوران 39 افراد کو بحفاظت بچالیا گیا جن کی حالت خطرے سے باہر ہے، آئل ٹینکرز میں مجموعی طور پر 40 سے زائد افراد سوار تھے

عمان کی بندرگاہ صلالہ میں بھی ڈرون حملوں کے بعد ایندھن کے ذخائر میں آگ لگنے کی اطلاعات، وہاں بھی آپریشن روک دیا گیا

اسرائیلی فوج کا تہران کے قریب ایک اہم جوہری تنصیب پر حملے کا دعوی، جوہری تنصیبات نزدیک ہونے کے باعث شدید نقصان کا خدشہ

ایران کے ممکنہ اہداف میں ایمیزون، گوگل، مائیکروسافٹ اور اینویڈیا جیسے بڑے اداروں کے دفاتر شامل ہو سکتے ہیں، ایرانی خبر رساں ایجنسی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے تہران میں جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی ہے جب کہ ایران نے عراق کے قریب دو آئل ٹینکروں پر حملہ کر دیا جس میں عملے کا ایک رکن بھی ہلاک ہو گیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق عراق کے قریب دو آئل ٹینکرز حملوں کی زد میں آگئے جس میں مجموعی طور پر 40 سے زائد افراد سوار تھے۔ ریسکیو آپریشن کے دوران 39 افراد کو بحفاظت بچالیا گیا جن کی حالت خطرے سے باہر ہے جب کہ ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ شبہ ہے کہ دونوں آئل ٹینکر پر حملوں کے پیچھے ایران کا ہاتھ ہے تاہم ایران نے صرف ایک ٹینکر پر حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ عراق نے اپنے تمام آئل ٹرمینلز کی سرگرمیاں معطل کر دیں۔ عمان کی بندرگاہ صلالہ میں بھی ڈرون حملوں کے بعد ایندھن کے ذخائر میں آگ لگنے کی اطلاعات ہیں۔ وہاں بھی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

بانی پی ٹی آئی کو 24 یا 25 مارچ کو تیسرا انجکشن لگے گا، طارق فضل چودھری

بانی کو علاج کیلئے اسپتال لانے کی ضرورت ہے تو بالکل انہیں دو مرتبہ اسپتال لایا گیا

بانی پی ٹی آئی کا علاج ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس میں کوئی کوتاہی نہیں کر رہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چودھری کا کہنا ہے جب ڈاکٹرز نے محسوس کیا کہ بانی پی ٹی آئی کو علاج کیلئے اسپتال لانے کی ضرورت ہے تو بالکل انہیں دو مرتبہ اسپتال لایا گیا۔ انہوں نے کہا بانی پی ٹی آئی کو علاج کی بہترین سہولیات مہیا کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

کراچی: آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے انڈونیشیا کے قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

بانی کی آنکھ کے معاملے پر پوری جماعت اور پاکستان میں تشویش ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی نے ایک ہزار دن جیل میں گزارے ہیں، ایک دن شفا اسپتال منتقل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

سندھ سیکریٹریٹ کے قریب اسٹریٹ لائٹ پول خطرہ بن گیا



حلف برداری کے بعد اپنی ترجیحات سے آگاہ کروں گا، نامزد گورنر سندھ

کراچی (ویب ڈیسک) نہال ہاشمی نے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے گورنر سندھ نامزد ہونے کے بعد اپنے پہلا بیان دے دیا۔ نہال ہاشمی نے بیان میں کہا کہ گورنر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

پاکستانی وفد کا دورہ افغانستان نجی حیثیت میں ہے، ترجمان دفتر خارجہ

وزیراعظم نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے بھی رابطہ کر کے خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ ایران کے تیل بردار جہازوں سے متعلق معاملات ایران اور متعلقہ حکومتوں کے درمیان ہیں اور پاکستان کا اس پر کوئی مخصوص موقف نہیں، جبکہ ایران اور بھارت کے درمیان پیش آنے والے معاملات پر پاکستان براہ راست کوئی تبصرہ نہیں کرسکتا۔ ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قیادت کے ایران سمیت خطے کے اہم ممالک کے ساتھ مسلسل سفارتی رابطے جاری ہیں اور نائب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

گورنر کو ہٹا کر وفاق نے ایم کیو ایم کو خیرباد کہہ دیا

فاروق ستار

گورنر سندھ کو ہٹانے کا فیصلہ جاگیرداروں وڈیروں کو خوش اور بلیک میلنگ میں آکر کیا گیا ہے یہ فیصلہ بالا ہی بالا کیا گیا ہے

اب ایم کیو ایم کا اخلاقی جواز نہیں بنتا کہ وہ اب حکومت میں رہے، گورنر کو ہٹانے کے سلسلے میں اپنا بیانیہ پارٹی قیادت کو پہنچا دیا

وفاقی حکومت نے کامران ٹیسوری کے حوالے سے فیصلہ کرکے سنگین غلطی کی اور ایم کیو ایم کو بھی اس پر اعتماد میں نہیں لیا، گفتگو

کراچی (ویب ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ کامران ٹیسوری کو گورنر کے عہدے سے ہٹانے کا فیصلہ جاگیرداروں اور وڈیروں کی بلیک میلنگ کیوجہ سے کیا گیا ہے۔ گورنر ہاس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے بہت فلاحی کام کیے ہیں۔ انہوں نے کہا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

سائبر حملوں کے خطرات، مقامی طور پر تیار کردہ خودکار ویب مانیٹرنگ سسٹم فعال

ویب مانیٹرنگ سسٹم ویب سائٹس پر سائبر حملوں کی ریئل ٹائم نشاندہی کرتا ہے، نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کی سرکاری ویب سائٹس پر سائبر حملوں کے بڑھتے خطرات سے نمٹنے کیلئے نیشنل سرٹ الرٹ نے مقامی طور پر تیار کردہ خودکار ویب مانیٹرنگ سسٹم فعال کردیا ہے۔ نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے 1500 سے زائد سرکاری ویب سائٹس اور ایپلی کیشنز کی ریئل ٹائم مرکزی نگرانی شروع کردی۔ ویب مانیٹرنگ سسٹم ویب سائٹس پر سائبر حملوں کی ریئل ٹائم نشاندہی کرتا ہے۔ پاکستان کی 1527 سرکاری اور اہم ویب سائٹس کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

فی الحال کچھ نہیں کہا جاسکتا کہ پیٹرول مہنگا ہوگا یا نہیں، علی پرویز

جمعہ کو اوسط نرخوں کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین ہوگا، وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا اعلان آج کیا جائے گا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا تھا کہ عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف کا پریس ریلیز جاری ہو چکا ہے، آئی ایم ایف کے مطابق مشرق وسطی جنگ کے پاکستانی معیشت پر اثرات کو دیکھا جا رہا ہے، اگر جنگ طویل ہوئی تو بیرونی ادائیگیوں پر دباؤ بڑھے گا، اس جنگ کی وجہ سے ترسیلات زر متاثر ہو سکتی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

وسیم اختر کا ایم کیو ایم سے وزارتیں اور حکومت چھوڑنے کا مطالبہ

ہمارے لیے کامران ٹیسوری کو گورنر کے عہدے سے ہٹانا چونکا دینے والی خبر ہے

پارٹی کے ذمہ داروں کو بیٹھ کر دیکھنا ہوگا کہ ہمیں اتنا ہلکا کیوں لیا جا رہا ہے، وسیم اختر

کراچی (ویب ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما اور سابق میئر کراچی وسیم اختر نے گورنر سندھ کی تبدیلی کے فیصلے پر اپنی پارٹی سے وفاقی حکومت سے اتحاد ختم کرنے اور وزارتیں چھوڑنے کا مطالبہ کردیا۔ نجی ٹی وی میں گفتگو کرتے ہوئے وسیم اختر کا کہنا تھا کہ ہمارے لیے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

کراچی: اعتکاف میں بیٹھے روزے دار مسجد میں آرام کر رہے ہیں

وزیر خزانہ کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کا عندیہ

ہمارے تیل کے دو جہاز آبنائے ہرمز میں پھنسے ہوئے ہیں، وزیراعظم کی ہدایات پر ہم بچت اور کفایت شعاری کر رہے ہیں، وفاقی وزیر وزیر خزانہ اورنگزیب

یکم مارچ کو ڈیزل کا ریٹ 88 ڈالر فی بیرل اور 6 مارچ کو 149 ڈالر پر پہنچا، جو کارگو 7 لاکھ ڈالر ملتا تھا وہ کارگو اب 70 لاکھ ڈالر کا ملتا ہے، اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پیٹرولیم مصنوعات میں مزید اضافے کا عندیہ دے دیا۔ سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایات پر ہم بچت اور کفایت شعاری کر رہے ہیں، مگر آنے والے دنوں میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ وزیر پیٹرولیم ڈویژن کا کہنا تھا کہ پاکستان میں پانچ ریفائنری پلانٹس ہیں اور وہ پرانے ہیں، سعودی عرب کی جانب سے کروڈ آئل پاکستان کو دیا جا رہا ہے، جس میں پاکستان کو ریٹس پر رعایت دی گئی، ہمارے تیل کے دو جہاز آبنائے ہرمز میں پھنسے ہوئے ہیں۔ وزیر پیٹرولیم ڈویژن نے کہا کہ یکم مارچ کو ڈیزل کا ریٹ 88 ڈالر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

عمران خان کی نجی اسپتال منتقلی کی درخواست مسترد، میڈیکل بورڈ بنانے کا حکم

ہم نے گوگل بھی چیک کیا تھا، ڈاکٹر ندیم قریشی بہترین ریٹینا سپیشلسٹ ہیں، آپ ان کو شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کر کے ٹیسٹ کرلیں، جسٹس ارباب

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس ارباب محمد طاہر نے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق درخواست پر تحریری حکم جاری کیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان کی نجی ہسپتال منتقلی کی درخواست مسترد کرتے ہوئے میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کا حکم دیدیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں عمران خان کی نجی ہسپتال منتقلی کی درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس ارباب طاہر نے وکیل درخواست گزار سے کہا کہ ہم نے گوگل بھی چیک کیا تھا، ڈاکٹر ندیم قریشی بہترین ریٹینا سپیشلسٹ ہیں، آپ ان کو شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کر کے ٹیسٹ کرلیں۔ عدالت نے کہا کہ ہم یہ نہیں کہیں گے کہ تین دن یا تین ماہ رکھیں، دیکھ لیں یہ ساری ذمہ داری آپ لے رہے ہیں، اگر کل کچھ ہوگیا تو کیا آپ ذمہ داری لیں گے، اس پر ایڈووکیٹ جنرل ایاز شوکت نے کہا کہ ہم ذمہ داری لیں گے۔ عدالت نے عمران خان کی جیل سے نجی ہسپتال منتقلی کی درخواست ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

وزیراعظم شہباز شریف سرکاری دورے پر سعودی عرب پہنچ گئے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف سرکاری دورے پر سعودی عرب پہنچ گئے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق شہباز شریف ولی عہد محمد بن سلمان کی دعوت پر سعودی عرب کا دورہ کر رہے ہیں، نائب وزیراعظم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات

اسلام آباد (ویب ڈیسک) برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات، پاکستان اور خطے کی سیاسی و سیکورٹی صورتحال پر بات چیت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

کراچی: آئی آئی چندریگر روڈ پر افطار سے پہلے ٹریفک جام ہے

Daily Pakistan Bulletin Karachi
ABC Certified
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

پاکستان کی فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری

افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف پاک فوج کی موثر جوابی کارروائیاں جاری ہیں جن میں پاک فوج نے ارندو اور کرم سیکٹر میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے اہم پوسٹوں اور مراکز کو تباہ کر دیا۔ ان موثر حملوں اور جوابی کارروائیوں کے نتیجے میں بزدل افغان طالبان پوسٹیں چھوڑ کر فرار ہو گئے جبکہ پاک افواج افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں اور صرف فوجی تنصیبات کو نشانہ بنا رہی ہیں۔ ادھر، چین نے کہا ہے کہ افغانستان میں موجود دہشت گرد تنظیمیں پڑوسی ممالک کے لیے سنگین خطرہ ہیں، طالبان رجیم ان کا خاتمہ کرے۔ اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب فو کونگ نے طالبان رجیم پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان میں فتنہ الخوارج، ای ٹی آئی ایم، داعش اور دیگر دہشت گرد تنظیمیں سرگرم ہیں۔ چین افغانستان سے ہونے والی ہر قسم کی دہشت گردی کی سخت اور بھرپور مذمت کرتا ہے۔ چین کی طرف سے جو بات کہی گئی ہے، پاکستان ایک طویل عرصے سے یہی کہتا آ رہا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ افغانستان میں شرپسند عناصر مذہب کا نام تو لیتے ہیں لیکن ان کا رویہ مذہب کی تعلیم کے خلاف ہے۔ معصوم اور بے گناہ لوگوں کا خون بہانے کی کسی بھی مذہب میں اجازت نہیں ہے لیکن اس کے باوجود افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر خود کو مذہب کا ٹھیکیدار قرار دیتے ہوئے یہ کام مسلسل کر رہے ہیں۔ پاکستان افغانستان میں قائم طالبان کی عبوری حکومت کو کئی بار یہ احساس دلا چکا ہے کہ سرحد پار سے آنے والے تخریب کار پاکستان کے لیے مسائل کا باعث بن رہے ہیں لیکن افغان طالبان کی طرف سے ان کے خلاف کوئی ٹھوس کارروائی نہیں کی گئی۔ اس دوران افغان طالبان نے پاکستان کو مطمئن کرنے کے لیے بار بار یہ ضرور کہا کہ ہم اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے لیکن اس سلسلے میں عملی اقدام کچھ نہیں کیا۔ مزید افسوس ناک بات یہ ہے کہ دہشت گرد عناصر یہ سب کچھ بھارت کے ایما پر کر رہے ہیں جس کی حکومت مسلمانوں کے خون کی پیاسی ہے اور اپنے ملک میں شرپسند عناصر کو شہ دے کر ان سے مسلمانوں کا جینا حرام کر رہی ہے۔ اب پاکستان نے افغان طالبان سے مایوس ہو کر سرحد پار موجود تخریب کاروں کے خاتمے کا کام خود شروع کیا ہے تو افغان طالبان شور مچا رہے ہیں۔ طالبان رجیم کو ہوش کے ناخن لیتے ہوئے خطے میں امن کے قیام کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے۔ افغان سرزمین کو دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دینا ہی وقت کا تقاضا ہے۔

توانائی بحران اور قومی ذمہ داری کا تقاضا

ملک کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے اپنے نیٹ ورک کے ذریعے روزانہ ہزاروں افراد سے رابطے میں رہتا ہے۔ فیلڈ آفیسرز، زرعی ماہرین اور بینک کے دیگر اہلکار مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہیں تاکہ کسانوں کو سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ ادارے کے آپریشنز میں ایندھن کا استعمال بھی ایک اہم عنصر ہے۔ تاہم موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ادارے کی انتظامیہ نے فیصلہ کیا کہ ...

اس فیصلے کے تحت زیڈ ٹی بی ایل نے ملک بھر میں اپنے دفاتر کو ہدایت جاری کی ہے کہ ایندھن کے استعمال میں فوری طور پر کمی کی جائے۔ اس مقصد کے لیے کنٹرولنگ افسران کو ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ وہ اپنے ماتحت عملے کی سرگرمیوں کا جائزہ لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ایندھن صرف ضروری کاموں کے لیے استعمال ہو۔ اس کے علاوہ فیلڈ میں کام کرنے والے اہلکاروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے دوروں کی منصوبہ بندی اس انداز سے کریں کہ غیر ضروری سفر سے بچا جا سکے ...

... فونک رابطوں کا استعمال بڑھایا جائے۔ موجودہ دور میں جب ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے فاصلے کم کر دیے ہیں تو بہت سے کام ایسے ہیں جو بغیر سفر کیے بھی باآسانی انجام دیے جا سکتے ہیں۔ اس طرح نہ صرف وقت کی بچت ہوتی ہے بلکہ ایندھن کے اخراجات میں بھی نمایاں کمی آتی ہے۔

توانائی کے بحران کے تناظر میں اس اقدام کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ پاکستان ہر سال اربوں ڈالر مالیت کا تیل درآمد کرتا ہے جس کا براہ راست اثر ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر پر پڑتا ہے۔ اگر عالمی ...

تبدیلی لا کر بڑی بچت حاصل کی جا سکتی ہے۔ مثال کے طور پر غیر ضروری سفر سے گریز کرنا، گاڑیوں کی باقاعدہ دیکھ بھال کرنا، ایندھن کے موثر استعمال کے طریقے اپنانا اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھانا ایسے اقدامات ہیں جن سے نہ صرف ایندھن کی بچت ہوتی ہے بلکہ ماحول پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

موجودہ عالمی حالات نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ توانائی کے وسائل پر انحصار کسی بھی ملک کے لیے ایک حساس مسئلہ ہوتا ہے۔ اگر کسی ملک کی ...

[illegible]

سید مجتبیٰ رضوان

زراعت کی تباہی ۔۔۔ ذمہ دار کون؟

چوہدری ریاض مسعود

... ایوانوں میں کسانوں کے مسائل کے بارے میں ... لاکھوں کسان چھوٹے اور ... روزگار ہو جائیں گے اور لاکھوں کسان ... زمینوں پر دھڑا دھڑ رہائشی سکیمیں بنا رہا ہے۔

وزیراعظم کی قابل تحسین تقریر، مگر۔۔۔

امیر محمد خان

[illegible]

... حکومتی اخراجات میں نہ صرف ہنگامی حالت میں ... براہ راست غریب عوام متاثر ہو رہے ہیں، پیٹرول کی ... وزیر ایک سے دو کروڑ کا خرچہ ہوتا ہے۔



گاؤں ممتاز دل میں دو گروپوں میں جھگڑا، نوجوان جاں بحق

زخمی نوجوان کو رام چند نامی شخص اسپتال لے کر آیا تھا تاہم وہ اسپتال پہنچنے سے پہلے ہی جاں بحق ہو چکا تھا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) گاؤں ممتاز دل میں دو گروپوں میں جھگڑا، نوجوان جاں بحق۔ پولیس کے مطابق گردن پر تین زخم، اصل وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد سامنے آئے گی۔ تفصیلات کے مطابق گاؤں ممتاز دل میں ایک ہی برادری کے دو گروپوں کے درمیان ہونے والے جھگڑے کے نتیجے ... کارروائی کے لیے سول ہسپتال میرپورخاص منتقل کی گئی۔ ہسپتال میں موجود پولیس افسر سید مقبول شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ زخمی نوجوان کو رام چند نامی شخص اسپتال لے کر آیا تھا تاہم وہ اسپتال پہنچنے سے پہلے ہی جاں بحق ہو چکا تھا۔ پولیس کے مطابق رام چند نے بتایا کہ اس نے نوجوان کو ... شخص کو گاؤں کیلئے موٹر سائیکل پر اٹھانا مشکل تھا جس پر اس نے ایک کار کو روک کر مدد حاصل کی اور دونوں نے مل کر اسے سول ہسپتال میرپورخاص منتقل کیا۔ ہسپتال میں رام چند اور کار ڈرائیور بھی موجود تھے۔ بعد ازاں جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت والجی عرف والو کے نام سے ہوئی۔ ... سامنے آئے گی۔ رام چند نے میڈیا کو بتایا کہ وہ کاک بنگلہ کا رہائشی ہے اور اسے نوجوان فارم کے قریب سڑک پر زخمی حالت میں ملا تھا جس کے بعد اس نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر اسے ہسپتال پہنچایا۔ مقتول کے دادا نے بتایا کہ نوجوان کا نام والجی عرف والو تھا اور اسے زخمی کرنے والے شخص کا نام رام جی بتایا جا رہا ہے جبکہ دونوں خاندانوں کے گھر قریب قریب واقع ہیں۔ ہسپتال میں موجود لالین نامی نوجوان نے بتایا کہ وہ مقتول والجی کا بھائی ہے۔

نوشہروفیروز: پرانا جتوئی میں فائرنگ، دو سگے بھائی قتل

نوشہروفیروز (پاکستان بلیٹن) پرانا جتوئی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو سگے بھائی قتل ہو گئے جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق مقتولین کی شناخت وحنی بخش مشوری اور اصغر مشوری کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق دونوں بھائی عدالت میں پیشی کے لیے جا رہے تھے کہ راستے میں نامعلوم مسلح افراد نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔

میرپورخاص: کوچ اور موٹر سائیکلوں کے درمیان خوفناک تصادم میں جاں بحق و زخمیوں کی تصاویر

چار روزہ سرکاری ورک ویک کے فیصلے کی تفصیلات جاری

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) کابینہ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اب وفاقی اور صوبائی سرکاری دفاتر ہفتے میں صرف چار دن کام کریں گے جبکہ تین دن تعطیل ہو گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری دفاتر کے کام کے دن پیر، منگل، بدھ اور جمعرات ہوں گے جبکہ جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو سرکاری تعطیل ہو گی۔ اس فیصلے کا اطلاق پہلے جاری کیے گئے 9 مارچ 2026 کے نوٹیفکیشن کے تسلسل میں کیا گیا ہے۔ حکومت نے ایک اور اہم فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ گریڈ 20 یا اس سے اوپر کے سرکاری افسران یا وہ افسران جن کی ماہانہ تنخواہ 3 لاکھ روپے یا اس سے زائد ہے، وہ رضاکارانہ طور پر دو دن کی تنخواہ چھوڑ سکتے ہیں۔

ٹنڈوالہیار: ڈی ایس پی سٹی عثمان لغاری، ایس ایچ او ویمن ثمینہ گل و دیگر صحافیوں کو تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں

پولیس کارروائی کے باوجود منشیات کا دھندا جاری، شہریوں میں شدید تشویش

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میں مبینہ منشیات فروشوں کے خلاف پولیس کارروائی کے باوجود منشیات کے کاروبار کے جاری رہنے کے انکشاف نے شہریوں میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔ اطلاعات کے مطابق میرپورخاص کے مبینہ مشہور منشیات فروش آفتاب ملک کے خلاف پولیس نے پبلک اسکول روڈ پر وسیم ملک کی اوطاق پر چھاپہ مار کر مین پڑی بنانے میں استعمال ہونے والا لاکھوں روپے مالیت کا خام مال برآمد کیا اور تقریباً 300 کٹے ظاہر کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ شہری حلقوں نے اس کارروائی کو بظاہر مثبت اقدام قرار دیا ہے تاہم مقامی ذرائع اور شہریوں کا کہنا ہے کہ مذکورہ کارروائی کے باوجود آفتاب ملک کا مین پڑی کا کاروبار مختلف پولیس تھانوں کی حدود میں بدستور کھلے عام جاری ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ شہر کے کئی علاقوں میں منشیات کی خرید و فروخت کسی خوف و خطر کے بغیر جاری ہے، جس سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر منشیات کا کاروبار اتنے بڑے پیمانے پر جاری ہے تو اس کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیوں نہیں کیے جا رہے۔

مبینہ اغوا ہونے والے بچے کو پولیس کا بازیاب کرانے دعویٰ

ٹنڈوالہیار (پاکستان بلیٹن) ایک سال قبل مبینہ اغوا ہونے والے بچے کو پولیس نے بازیاب کرانے کا دعویٰ کرتے ہوئے ڈی ایس پی سٹی عثمان لغاری، ایس ایچ او وومن پولیس ثمینہ گل لغاری اور اے ایس آئی شبانہ تالپور نے وومن تھانے میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران دعویٰ ...

ڈاکو ایک محنت کش نوجوان سے نقد رقم چھین کر فرار ہو گئے

ٹنڈوالہیار (پاکستان بلیٹن) ...

ماتمی جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا درگاہ مکھن شاہ پر اختتام پذیر

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ...

بلدیہ عظمیٰ کراچی کی کونسل کا عام اجلاس

ایجنڈے میں شامل 9 قراردادوں کے علاوہ دیگر 5 قراردادیں شامل تھیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ عظمیٰ کراچی کی کونسل کا عام اجلاس جمعرات کے روز کونسل ہال صدر دفتر بلدیہ عظمیٰ کراچی میں منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کی، ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد بھی اس موقع پر موجود تھے، اجلاس میں مجموعی طور پر 14 قراردادیں منظور کی گئیں جن میں ایجنڈے میں شامل 9 قراردادوں کے علاوہ دیگر 5 قراردادیں شامل تھیں، اجلاس کے آغاز پر اتفاق رائے سے منظور کی گئیں قراردادوں کے ذریعے ایوان نے ایران پر امریکی و اسرائیلی حملے اور اس کے نتیجے میں اعلیٰ ایرانی قیادت بشمول ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت اور ایران میں بمباری کے نتیجے میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے پر مذمت کی قرارداد منظور کی اور اسے عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے عالمی قوتوں سے مطالبہ کیا کہ مشرق وسطیٰ میں جاری اس جنگ کو رکوانے کے لئے اپنا اثر و رسوخ استعمال کریں تاکہ خطے میں ہونے والی اس تباہی کو روکا جا سکے جبکہ دوسری قرارداد کے ذریعے گل پلازہ میں آگ لگنے سے 80 سے زائد افراد کی شہادت اور 1200 دکانوں کے جل کر خاکستر ہونے کے واقعہ پر اظہار افسوس کرتے ہوئے شہید ہونے والے مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی گئی، ان قراردادوں کے حوالے سے پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی، اپوزیشن لیڈر سیف الدین ایڈوکیٹ، پارلیمانی لیڈر پی ٹی آئی اور ایوان کے رکن محمد نعمان، ذیشان سواتی اور دیگر نے بھی اظہار خیال کیا جبکہ ایران پر حالیہ حملوں میں شہید ہونے والوں اور گل پلازہ کے واقعہ کے شہداء کے لئے دعائے مغفرت بھی کی گئی، اجلاس کے دوران جن دیگر قراردادوں کی منظوری دی گئی ان میں مختلف محکموں سے اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ، بلدیہ عظمیٰ کراچی میں آسامیوں کی بمعہ سیلری منتقلی کی منظوری، عباسی شہید اسپتال بلدیہ عظمیٰ کراچی میں سینئر اسپیچ تھراپسٹ (BS-17) کی آسامی و دیگر شامل ہیں۔

پاک فوج اور سیکیورٹی اداروں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد

پاکستان نے ہمیشہ امن کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور آگے بڑھ کر اپنے مسلم بھائی کو گلے لگایا، طیب حسین قادری

کراچی (پ۔ر) پاکستان سنی تحریک کراچی ڈویژن کے زیر اہتمام لیاقت آباد سے آپریشن عضب الحق ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت مرکزی کوآرڈینیٹر محمد طیب حسین قادری، انفارمیشن سیکریٹری کراچی ڈویژن عمران قادری نے کی جبکہ شکیل قادری، سلیم مما، طاہر قادری، سنی قادری، ناصر شاہ اور اراکین کراچی ڈویژن نے بھی ریلی میں شریک ہوئے۔ ریلی میں ڈسٹرکٹ و علاقائی ذمہ داران ... مقامات پر ریلی کے شرکا سے قائدین نے خطابات بھی کیے۔ مرکزی کوآرڈینیٹر پاکستان سنی تحریک طیب حسین قادری نے ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالم اسلام کی سربلندی کے لیے مسلم امہ کا اتحاد بہت ضروری ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ امن کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور آگے بڑھ کر اپنے مسلم بھائی کو گلے لگایا۔ پاکستان نے اپنے برادر اسلامی ملک کے لوگوں کو ہمیشہ اپنے منہ کا نوالہ کھلایا۔ بیرونی طاقتیں اور اسلام مخالف قوت بھائی کو بھائی سے لڑانے کی سازشیں کر رہی ہیں۔ غیروں کے اشارے پر لڑنے کے بجائے ہمیں ایک دوسرے کی حدود کا احترام کرنا چاہیے۔

مشرق وسطیٰ کی کشیدگی پر پاکستان کو محتاط اور متوازن پالیسی اپنانی چاہیے، پاسبان

کراچی (پ۔ر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ ایران ہمارا ہمسایہ اور برادر ملک ہے جبکہ عرب ممالک بھی ہمارے دل کے بہت قریب ہیں، لہٰذا پاکستان کو مشرق وسطیٰ میں پیدا ہونے والی کشیدگی سے نمٹنے کے لیے نہایت محتاط اور متوازن پالیسی اختیار کرنی چاہیے۔

اعتکاف اللہ کی قربت حاصل کرنے کا سنہری موقع ہے، سلیم خان قادری ترابی

کراچی (پ۔ر) ...

ایم ایس سول اسپتال سے پاکستان پیپلز پارٹی ساؤتھ کے سیکریٹری اطلاعات نور حسین ملاقات کر رہے ہیں

ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر خالد بخاری سے پی پی جنوبی کے سیکریٹری اطلاعات نور حسین کی ملاقات

حلقہ پی ایس 108 سمیت شہر کے عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے تفصیلی مشاورت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ساؤتھ پی ایس 108 کے سیکرٹری اطلاعات اور کوآرڈینیٹر سینیٹر سلیم منڈوی والا، نور حسین اعوان نے برادر حبیب حسن کے ہمراہ سول اسپتال کراچی کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سید خالد بخاری سے ملاقات کی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں حلقہ پی ایس 108 سمیت شہر کے عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو اور مشاورت کی گئی۔ اس موقع پر نور حسین اعوان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت خصوصاً چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور سینیٹر سلیم منڈوی والا کی ہدایات کے مطابق عوام کو صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسپتالوں میں آنے والے غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں کو معیاری اور بروقت علاج کی سہولت فراہم کرنا انتہائی ضروری ہے۔ نور حسین اعوان نے ایم ایس سول اسپتال کو حلقے کے عوام کو درپیش طبی مسائل سے آگاہ کیا اور ... ادویات کی دستیابی اور علاج کے عمل کو بہتر بنانے کے حوالے سے تجاویز بھی پیش کیں۔ اس موقع پر ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر سید خالد بخاری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سول اسپتال کراچی صوبے کے سب سے بڑے طبی اداروں میں سے ایک ہے جہاں روزانہ ہزاروں مریض علاج کے لیے آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپتال انتظامیہ مریضوں کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے اور عوامی نمائندوں کے تعاون سے اس عمل کو مزید موثر بنایا جائے گا۔ ڈاکٹر سید خالد بخاری نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے منتخب نمائندوں اور سماجی شخصیات کی تجاویز انتہائی اہمیت رکھتی ہیں، اور اسپتال انتظامیہ ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری علاج فراہم کیا جائے۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں جانب سے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے باہمی تعاون اور رابطہ جاری رکھا جائے گا تاکہ صحت کے شعبے میں ...

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 01

جارحیت کے خلاف پاک فوج کی جانب سے طاقتور اور فیصلہ کن جواب دیا جا رہا ہے۔دوسری جانب، ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فوج نے ژوب سیکٹر سے ملحقہ سرحدی علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کی ایک پوسٹ کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق اس کارروائی کے نتیجے میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے عناصر وہاں سے فرار ہونے پر مجبور ہوگئے۔ذرائع نے مزید بتایا کہ آپریشن غضب للحق اپنے مقررہ اہداف کے حصول تک جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 02

رہنما نہال ہاشمی کو گورنر سندھ بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سمری منظوری کے لیے صدر پاکستان کو بھجوادی ہے۔

بقیہ نمبر 03

کی ریفرنس بند کرنے کی درخواست پر سماعت کی، مریم نواز کی جانب سے جاوید ارشد بھٹی ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔عدالت نے تفتیشی کی عدم پیشی اور ریکارڈ پیش نہ کرنے پرڈی جی نیب کوطلب کیا۔نیب نے استدعا کی تھی کہ مریم نواز اور نواز شریف کے خلاف چوہدری شوگر ملز کیس میں کرپشن کے شواہد نہیں ملے، لہٰذا عدالت مریم نواز اور نواز شریف کے خلاف چوہدری شوگر ملز کی تحقیقات بند کرنے کی منظوری دے۔

بقیہ نمبر 04

میں بتایا گیا کہ ایس آر بی نے ریونیو میں نمایاں اضافہ حاصل کیا ہے جس میں بقایاجات کی ریکارڈ وصولی بھی شامل ہے،جس کے باعث یہ ادارہ سندھ کی مالی استحکام کا ایک اہم ستون بن کر سامنے آیا ہے۔انہوں نے ایس آر بی کو ہدایت دی کہ ٹیکس نیٹ کو مزید وسیع کیا جائے، ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی کو تیز کیا جائے اور ڈیجیٹل اصلاحات کو مزید آگے بڑھایا جائے تاکہ ریونیو وصولیوں میں حالیہ پیش رفت کو مستحکم کیا جا سکے اور شفافیت میں اضافہ ہو۔ایس آر بی کے چیئرمین نے بتایا کہ فروری 2026 میں ادارے نے ریونیو میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا جس کی بڑی وجہ طویل اور مسلسل کوششوں کے بعد بقایاجات کی مد میں 9.5ارب روپے کی غیر معمولی وصولی تھی۔فروری 2026 میں مجموعی وصولی 34.86ارب روپے رہی جو فروری 2025 میں جمع ہونے والے 24.664ارب روپے کے مقابلے میں 41 فیصد زیادہ ہے۔جولائی سے فروری کے دوران مجموعی وصولی 225.653ارب روپے رہی جو گزشتہ سال اسی مدت میں جمع ہونے والے 182.605ارب روپے کے مقابلے میں 24فیصد زیادہ ہے۔وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف عباس، سیکریٹری خزانہ فیاض جتوئی، چیئرمین سندھ ریونیو بورڈ واصف میمن، مینجنگ ڈائریکٹر تھر کول انرجی بورڈ طارق علی شاہ، اسپیشل سیکریٹری خزانہ اصغر میمن، ماہر معاشیات اسد سعید، ایس آر بی کے کنسلٹنٹ مشتاق کاظمی اور محکمہ خزانہ و ایس آر بی کے دیگر حکام نے شرکت کی۔چیئرمین ایس آر بی واصف میمن نے وزیراعلیٰ کو بتایا کہ مالی سال 25-2024 میں ایس آر بی نے 306.6ارب روپے کی تاریخی وصولیاں کیں، جن میں سندھ سیلز ٹیکس آن سروسز (ایس ایس ٹی) کی مد میں 284.4ارب روپے شامل ہیں۔یہ رقم گزشتہ سال جمع ہونے والے 237ارب روپے کے مقابلے میں 29.5فیصد زیادہ ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ جون 2025 میں ایس آر بی کی تاریخ کی سب سے زیادہ ماہانہ وصولی ریکارڈ کی گئی جو 40.5ارب روپے سے تجاوز کر گئی۔یہ ادارے کے قیام کے 15 سال بعد کسی بھی مہینے میں سب سے زیادہ وصولی تھی۔چیئرمین نے بتایا کہ فروری 2026 میں 9.5ارب روپے کے بقایاجات کی غیر معمولی وصولی کے باعث ریونیو میں نمایاں اضافہ ہوا۔فروری 2026 کی مجموعی وصولی 34.86 ارب روپے رہی جو فروری 2025 میں حاصل ہونے والے 24.664ارب روپے کے مقابلے میں 41فیصد زیادہ ہے۔جولائی سے فروری کے دوران مجموعی وصولی 225.653ارب روپے رہی جو گزشتہ سال اسی عرصے کے 182.605ارب روپے کے مقابلے میں 24فیصد زیادہ ہے۔وزیر اعلیٰ نے سندھ ریونیو بورڈ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا ضروری ہے کیونکہ وہ اس نظام کے اہم شراکت دار ہیں۔بریفنگ کے مطابق بندرگاہیں اور ٹرمینلز، ٹیلی کمیونیکیشن، بینکاری، فرنچائز، انشورنس اور کنٹریکٹ ایگزیکیوشن کے شعبے صوبائی ریونیو میں نمایاں حصہ ڈالنے والوں میں شامل رہے۔پورٹ، ایئرپورٹ اور ٹرمینل آپریٹرز کا شعبہ سب سے بڑا حصہ دار رہا جس نے 40.2ارب روپے جمع کیے جبکہ ٹیلی کمیونیکیشن کا شعبہ 24.2ارب روپے کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔دیگر نمایاں کارکردگی دکھانے والے شعبوں میں بینکاری کا شعبہ 20.34ارب روپے، فرنچائز سروسز 17.53ارب روپے اور انشورنس 14.56ارب روپے کے ساتھ شامل ہیں۔اجلاس کو بتایا گیا کہ دس بڑے شعبوں نے مجموعی طور پر 155.6ارب روپے ریونیو فراہم کیا جبکہ مزید 27 سروس سیکٹرز نے ایک ایک ارب روپے سے زیادہ ریونیو دیا جس سے ٹیکس نیٹ کے وسیع اور متنوع ہونے کا اندازہ ہوتا ہے۔سال کے دوران کئی نئے ابھرتے ہوئے شعبوں میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا۔سافٹ ویئر اور آئی ٹی کنسلٹنسی سروسز میں 49فیصد،سامان کی نقل وحمل میں 50فیصد اور تکنیکی وانجینئرنگ کنسلٹنسی میں 44 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔فنڈز اور اثاثہ جاتی انتظام کے شعبے نے پہلی مرتبہ بڑے ریونیو فراہم کرنے والے شعبوں کی فہرست میں جگہ بنائی اور 162 فیصد اضافے کے ساتھ 5.76ارب روپے ریونیو جمع کیا۔اس اضافے کی وجہ پاکستان میں اثاثہ جاتی انتظام کی صنعت کا پھیلا اور بہتر معاشی حالات بتائے گئے۔علاقائی دفاتر کی کارکردگی بھی نمایاں رہی۔حیدرآباد کمشنریٹ نے 20.9ارب روپے جمع کیے جو 38فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے، جبکہ سکھر اور لاڑکانہ کمشنریٹس نے مشترکہ طور پر 11ارب روپے جمع کیے جو 41فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے۔چیئرمین ایس آر بی نے بتایا کہ یہ اضافہ زیادہ خطرے والے شعبوں کی بہتر نگرانی، ٹیکس دہندگان کو سہولت کی فراہمی میں توسیع، وصولی مہمات اور ڈیجیٹل نظام کے بہتر استعمال کے باعث ممکن ہوا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ مالی سال 25-2024 کے دوران ودہولڈنگ ایجنٹس کے ذریعے 48.42 ارب روپے جمع کیے گئے جبکہ گزشتہ سال یہ رقم 37.43ارب روپے تھی۔سرکاری اکاؤنٹس دفاتر میں فنانشل اکاؤنٹنگ اینڈ بجٹنگ سسٹم (ایف اے بی ایس) اور ایس اے پی پلیٹ فارمز کے ذریعے سندھ سیلز ٹیکس کی کٹوتیوں کے خودکار نظام نے شفافیت اور قواعد کی پابندی میں نمایاں بہتری پیدا کی ہے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ سندھ ورکرز ویلفیئر فنڈ (ایس ڈبلیو ڈبلیو ایف) اور سندھ ورکرز پارٹیسپیشن فنڈ (ایس ڈبلیو پی پی ایف) کے تحت وصولیوں میں بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ایس ڈبلیو ڈبلیو ایف ونگ نے مالی سال 25-2024 میں 22.25ارب روپے جمع کیے، جو نظرثانی شدہ ہدف 20.2ارب روپے سے زیادہ ہیں اور قانونی و ضابطہ جاتی چیلنجز کے باوجود 55فیصد اضافہ ظاہر کرتے ہیں۔حکام نے وزیر اعلیٰ کو ادارہ جاتی اصلاحات سے بھی آگاہ کیا جن میں ایک مخصوص انٹیلی جنس، انویسٹی گیشن اور پراسیکیوشن ونگ کا قیام شامل ہے۔اس اقدام کے بعد ایس آر بی پاکستان کی پہلی صوبائی ریونیو اتھارٹی بن گئی ہے جس نے ٹیکس فراڈ اور جعلی انوائسنگ کے خلاف کارروائی کے لیے خصوصی نفاذی یونٹ قائم کیا ہے۔بورڈ نے آڈٹ نظام، ڈیجیٹل ڈیش بورڈز، شکایات کے انتظام کے نظام اور ای فائلنگ پلیٹ فارمز کو بھی مزید مضبوط بنایا ہے جن میں زرعی آمدنی ٹیکس کے لیے ای فائلنگ نظام بھی شامل ہے۔اس موقع پر سید مراد علی شاہ نے ایس آر بی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبائی ریونیو میں اضافہ بہتر طرز حکمرانی، شفافیت اور ادارہ جاتی اصلاحات کی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ ریونیو بورڈ نے گزشتہ برسوں کے دوران مسلسل پیش رفت دکھائی ہے اور 300ارب روپے کی حد عبور کرنا ایک اہم کامیابی ہے جو صوبائی مالیات کو مضبوط بنانے میں خدمات کے شعبے کی صلاحیت کو ظاہر کرتی ہے۔وزیر اعلیٰ نے ایس آر بی کو ہدایت دی کہ ٹیکس نیٹ کو مزید وسیع کیا جائے، غیر دستاویزی سروس فراہم کنندگان کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے اور ٹیکس چوری کے خلاف نفاذی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔انہوں نے ڈیجیٹلائزیشن اور ڈیٹا پر مبنی نگرانی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قواعد کی پابندی اور ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا مکمل استعمال ضروری ہے۔مراد علی شاہ نے حکام کو ہدایت دی کہ محکمہ خزانہ اور دیگر اداروں کے ساتھ رابطہ مضبوط بنایا جائے تاکہ صوبے میں پائیدار ریونیو نمو کو یقینی بنایا جا سکے اور مالی استحکام بہتر ہو۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی ترجیح موجودہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ بڑھائے بغیر ٹیکس نیٹ کو وسیع اور نظام کو مؤثر بنا کر ریونیو میں اضافہ کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 05

کرتے ہوئے کامران ٹیسوری نے کہا کہ کوئی بھی ساری زندگی کسی منصب پر نہیں رہتا، میں گونگا، بہرہ یا ڈمی گورنر نہیں تھا اور نہ رہنا چاہتا ہوں، منصب سنبھال کر وعدہ کیا تھا میں اللہ کی رضا کیلئے کام کروں گا۔انہوں نے کہا کہ میں نے بھی ٹی وی پر دیکھا ہے نہال ہاشمی کو مبارکباد دیتا ہوں، ان کو کہتا ہوں آئیں اور جو انیشیٹیوز ہم نے شروع کئے ان کو جاری رکھیں ، مجھے اس شہر نے بہت محبت دی، تاجر برادری، علما، اقلیتی برادری سب لوگوں نے مجھے سپورٹ کیا۔گورنر سندھ نے کہا کہ سیاست کی بات کریں تو ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے خبر نہ کریں میں دبک کر بیٹھ نہیں گیا، گل پلازہ پر آواز اٹھانے اور کراچی بچاؤ کانفرنس کی سزا دی گئی تو یہ کام کرتا رہوں گا، ڈریں وہ لوگ جن کے سارے راز میں جانتا ہوں لیکن پاکستان معاشی طور پر مستحکم ہوا تو ملک کی خاطر سیاسی زبان بند رکھوں گا۔انہوں نے کہا کہ اس صوبے اور شہر کیلئے گورنر ہاؤس کے اقدامات جاری رہنے چاہئیں معذرت چاہتا ہوں اگر کل نئے گورنر آتے ہیں تو میں آپ کی مہمان نوازی نہیں کرپاؤں گا۔

بقیہ نمبر 06

بی بی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ بانی کی بہن علیمہ خان، سلمان اکرم راجا اور انتظار پنجوتہ بھی کمرہ عدالت میں موجود رہے۔وکیل سلمان صفدر نے دلائل میں کہا کل ہمیں توقع تھی کہ رمضان میں ہمیں کچھ ریلیف مل پاتا،کل بڑے طویل عرصے کے بعد ہم چیف جسٹس کے ساتھ ملے ہیں، میرے لیے پریشانی یہ ہے کہ مجھے طویل عرصے سے وکالت نامے نہیں مل رہے، تین سو کیسز میں وکیل ہوں۔سلمان صفدر نے کہا کہ چیف جسٹس نے ہمیں یقین دہانی کروائی کہ جوئنٹ ایشوز آپ کے ایڈریس ہوں گے، میں نے بوجھل دل کے ساتھ یہ درخواست دائر کی ہے یہ وکالت نامے دستخط نا کرکے دینے کی وجہ سے ہوا، اب میں نے اس معاملے پر عدالت کے سامنے گھٹنے ٹیک دیے۔جسٹس خادم حسین سومرو نے ریمارکس دیے کہ آپ گھٹنے نا ٹیکیں 21 سال ہم بھی اس طرف کھڑے رہے ہیں۔سلمان صفدر نے کہا کہ آپ ڈویژن بینچ میں بھی ایک کیس سن رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 07

کے محتاط استعمال کو یقینی بنا رہی ہے، فیصلوں کا مقصد عوامی خدمات کی فراہمی متاثر ہوئے بغیر توانائی کے استعمال میں کمی لانا ہے۔شرجیل میمن کا کہنا تھا کہ تمام محکموں کو کفایت شعاری کے ان اقدامات پر سختی سے عملدرآمد کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 08

نے نجی ٹی وی میں گفتگو کرتے ہوئے مشرق وسطیٰ کی موجودہ جنگی صورتحال پر اہم انکشافات کیے۔مشاہد حسین سید نے کہا جنگ کا آغاز امریکہ اور اسرائیل نے کیا تھا لیکن اب اس کا کنٹرول ایران کے پاس ہے، ایران اس وقت تزویراتی لحاظ سے مضبوط پوزیشن یعنی ڈرائیونگ سیٹ پر ہے، جبکہ امریکہ اور اسرائیل کے لیے مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔آبنائے ہرمز کی بندش پر انہوں نے بتایا کہ تزویراتی طور پر اہم آبنائے ہرمز گزشتہ 10روز سے بند ہے، جس نے عالمی تجارتی نظام کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔سینئر سیاست دان کا کہنا تھا کہ ایران نے آج صبح ایک نیا میزائل فائر کیا ہے جسے اشتین میزائل کا نام دیا گیا ہے، سپریم لیڈر کی شہادت کے بعد ایرانی قوم پہلے سے زیادہ متحد ہو چکی ہے۔انہوں نے کہا ٹرمپ اس جنگ سے بل گئے ہیں لیکن کہہ نہیں پا رہے کہ ایران یہ جنگ جیت چکا ہے، اس جنگ نے صدر ٹرمپ کا سیاسی مستقبل داؤ پر لگا دیا ہے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو گزشتہ ایک ہفتے سے خاموش ہیں اور کوئی بیان نہیں دے رہے۔انہوں نے پیش گوئی کی ہے کہ "ٹرمپ نیتن یاہو کو ڈچ کر دیں گے کیونکہ اسرائیلی وزیراعظم نے ٹرمپ کو ایک ایسی جنگ میں پھنسا دیا ہے جو ختم ہونے والی نہیں ہے۔سینئر سیاست دان نے دعویٰ کیا سعودی عرب اور ایران کے درمیان بیک چینل رابطے شروع ہو چکے ہیں اور امید ہے عرب ممالک اور ایران کے معاملات جلد حل ہو جائیں گے کیونکہ وہ پڑوسی ہیں۔

بقیہ نمبر 09

میں حتمی تصدیق نہیں کر سکتے۔ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے پاکستان کو مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی پر تشویش ہے اور ہم جاری کشیدگی کا پرامن حل چاہتے ہیں۔ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی کا کہنا تھا پاکستان ایران پر حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے، تمام فریقین کو تحمل اور ضبط کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 10

ہے، جس میں الیکشن کمیشن، صوبائی حکومت اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو فریق بنایا گیا ہے۔دائر درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ صوبے میں بلدیاتی انتخابات کی مدت رواں ماہ مارچ میں مکمل ہو جائے گی اور قانون کے مطابق حکومت 120دن کے اندر نئے بلدیاتی انتخابات کرانے کی پابند ہے۔درخواست میں مزید کہا گیا کہ اگر مدت ختم ہونے کے بعد بروقت انتخابات نہ ہوئے تو صوبے میں آئینی خلا پیدا ہوسکتا ہے۔دائر درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کی کہ الیکشن کمیشن کو بروقت انتخابات کرانے کے احکامات جاری کرے اور صوبائی حکومت کو ہدایات دی جائیں کہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں۔درخواست میں یہ بھی موقف اختیار کیا گیا کہ عدالت صوبے میں بروقت بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کرنے کیلئے فریقین کو مناسب احکامات جاری کرے۔

بقیہ نمبر 11

مسعود پزشکیان نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے روسی صدر اور پاکستانی وزیراعظم سے بات چیت کے دوران خطے میں امن کے لیے ایران کے عزم کو ایک مرتبہ پھر دہرایا ہے۔دوسری جانب ایرانی پاسداران انقلاب گارڈز نے خبردار کیا ہے کہ ایرانی بندرگاہوں کو نشانہ بنایا گیا تو علاقائی ممالک کی بندرگاہوں کو بھی نشانہ بنایا جائیگا، کوئی بھی ملک خود کو اس بحران سے نہیں نکال سکتا، ہم دشمن پر بھروسہ نہیں کرتے، فتح حاصل کرنے تک نہیں رکیں گے۔پاسداران انقلاب گارڈز کا کہنا ہے کہ دشمنوں کے لیے بری خبر یہ ہے کہ ایران کے جنگجو تیار رہیں گے۔

بقیہ نمبر 12

امریکی اڈے مسلمانوں کی حفاظت کے لیے نہیں ہیں، ہمارا موقف ہے کہ عالم اسلام اپنی سرزمین سے امریکی اڈے ختم کرے اور سب مل کر ایران کے ساتھ کھڑے ہوں۔امریکہ واسرائیل اگر ایران میں کامیاب ہوتے ہیں تو یہ خطرات ہماری سرحد تک پہنچ جائیں گے۔افغانستان اور پاکستان کی کشیدگی دونوں ملکوں کے لیے دردناک ہے۔ افغانستان کو سمجھنا چاہیے کہ اسرائیل و انڈیا اس کے دوست نہیں بن سکتے۔ طالبان حکومت مذاکرات کرنا چاہتی ہے تو حکومت طالبان کے ساتھ مذاکرات کرے۔پاکستان کے عوام کا حق ہے کہ انہیں انصاف دیا جائے۔ملک میں آئین کی بالا دستی اور جمہور کی رائے کو تسلیم کیا جائے، قرآن وسنت کا نظام نافذ کیا جائے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی ضلع ایئرپورٹ کے تحت علاقہ جامعہ ملیہ یوسی 7ملیر میں دعوت افطار سے خطاب کرتے ہوئے کیا،دعوت افطار سے جماعت اسلامی کے رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر سیکریٹری کراچی توفیق الدین صدیقی، امیر ضلع ایئر پورٹ محمد اشرف و دیگر بھی موجود تھے۔لیاقت بلوچ نے مزید کہا کہ کراچی جو روشنیوں کا شہر اور اقتصادی حب ہے بدترین صورتحال سے دوچار ہے۔پاکستان میں سیاسی بحران بدترین شکل اختیار کر چکا ہے۔پاکستان کے عوام اقتصادی مسائل سے دوچار ہیں۔کیا وزیراعظم نہیں جانتے کہ کرپشن، لوٹ مار اور پروٹوکول ملک کی معیشت پر دیمک بنے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہر قسم کی اقتصادی بندش کے باوجود ایران زندہ ہے۔اس پر امریکہ و اسرائیل پریشان ہیں، ایران نے غزہ و فلسطین کی آزادی کی بات کی اور امریکہ واسرائیل کے سامنے ڈٹ گیا، ایران پر حملہ کر کے نیتن یاہو جنگی مجرم کی شکل میں سامنے آیا ہے۔ہم ایرانی عوام کو مبارک باد پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے رہبر کا انتخاب کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان کی سب سے بڑی فضیلت نزول قرآن ہے۔قرآن کتاب ہدایت اور کتاب انقلاب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے برصغیر کے مسلمانوں کو 27 رمضان المبارک کو پاکستان کی شکل میں ایک علیحدہ ملک عطا کیا۔ پاکستان ہر طرح کی نعمتوں سے مالا مال ہے لیکن حکمران ٹولے اور طبقہ اشرافیہ نے ملک کو تباہ و برباد کیا۔ملک کے نظام کو غیر مستحکم کیا اور ہر دور میں آئین کا حلیہ بگاڑا گیا ہے۔امت مسلمہ کو برادریوں، لسانی تعصبات میں تقسیم کرکے اغیار اور استعمار کے سامنے تر نوالہ بنایا گیا ہے۔موجودہ حالات میں امت کا اتحاد و یکجہتی اولین ضرورت ہے، محمد فاروق نے کہا کہ حکمرانوں نے 55روپے فی لیٹر پیٹرول میں اضافہ کرکے عوام پر ظلم کیا ہے، حکومت کا کہنا ہے کہ کیبنٹ کے ممبران 3ماہ کی تنخواہیں نہیں لیں گے اور ایم پی اے کی تنخواہوں سے 25فیصد کٹوتی کی جائے گی۔ہم کہتے ہیں کہ جب ایم پی ایز کی تنخواہوں میں اضافہ 300فیصد کیا جاتا ہے تو اس لیے ہمارا مطالبہ ہے کہ ایم پی ایز کی تنخواہیں سابقہ 2024 کے مطابق کی جائیں اور حکمران بڑی گاڑیاں ختم کرکے 1300 سی سی گاڑی استعمال کریں ۔

بقیہ نمبر 13

موبائل فونز اور 3لاکھ روپے نقد چوری کیے گئے۔واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی سندھ نے کراچی پولیس چیف سے ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ترجمان سندھ پولیس کے مطابق آئی جی سندھ نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کو جلد گرفتار کرنے اور تفتیش کے لیے تجربہ کار افسران پر مشتمل ٹیم تشکیل دینے کی ہدایت کی ہے۔پولیس حکام کے مطابق دکاندار نعیم نے واقعے سے متعلق اطلاع تو دی ہے تاہم اب تک مقدمہ درج نہیں کرایا۔پولیس کے مطابق گزشتہ سال بھی جلوس کے دن اسی دکان سے چوری کی رپورٹ سامنے آئی تھی، جبکہ آس پاس کے دکانداروں سے بھی معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 14

گئے متعدد افراد کا کوئی قصور نہیں تھا بلکہ انہیں زبردستی الگ کیا گیا، جبکہ پارلیمانی کمیٹیوں کے بائیکاٹ کا بھی کوئی جواز نہیں بنتا۔تقریباً 120سے 130افراد کو پارٹی سے جبراً نکالا گیا، حالانکہ ان افراد کی غلطی نہیں تھی۔ان کے مطابق تحریک انصاف میں جب کسی رہنما کی نشست خالی ہوتی ہے تو نئے لوگوں کے لیے آگے آنے کا موقع پیدا ہو جاتا ہے اور اسی عمل کے نتیجے میں نئی قیادت سامنے آتی ہے۔

بقیہ نمبر 15

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھا کر کمپنیوں کو فائدہ دیا گیا، پیٹرولیم مصنوعات کی قلت کا ڈر تھا تو 55،55روپے ٹیکس لگا دیے، وزیراعظم کو پی ایس ڈی پی 50فیصد کم کرنا چاہیے تھا، پی ایس ڈی پی کم کرتے تو لگتا کفایت شعاری ہوئی ہے، کفایت شعاری کے نام پر اسکول بند کرنا غلط ہے، بغیر کسی اسٹڈی کے اسکول بند کر دیے گئے، کوئی بھی بات ہوتی ہے اسکول بند کر دیے جاتے ہیں، 2018کے مقابلے میں غربت 7فیصد بڑھ گئی ہے، ہمیں گورننس اصلاحات کرنے کی ضرورت ہے، چہرے بدلتے ہیں لیکن ہم نے ترقی اور بہتری نہیں دیکھی۔

بقیہ نمبر 16

کے خلاف کارروائی کا حکم دیا ہے۔پاور ڈویژن کے اعلامیہ کے مطابق ہر ماہ خراب اور بہترین کارکردگی والے سب ڈویژنز کی نشاندہی ہوگی، 118 سمارٹ کال سینٹر صارفین کیلئے ون ونڈو سروس قرار دے دیا گیا ہے۔ 5ماہ میں 118پر 20لاکھ سے زائد کالز موصول ہوئیں، 118پر موصول 96فیصد سے زائد کالز کامیابی سے ہینڈل کی گئیں۔ بجلی کے صارفین کی 24لاکھ سے زائد شکایات درج ہوئیں، 99.49فیصد بجلی شکایات کا ازالہ کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 17

کروڑوں روپے کی بچت ہوگی۔صوبائی حکومت نے سرکاری گاڑیوں کو 2ماہ کے لئے گرائونڈ کیا، ریسکیو، پولیس، ایمرجنسی سروسز فراہم کرنے والے ادارے اس فیصلے سے مستثنیٰ ہوں گے۔محکمہ انتظامیہ نے اعلامیہ جاری کر دیا جس کے مطابق پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسر فیصلے پر ہر صورت عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 18

کے دوران کینیڈی کے ہوٹل میں خاتون اسٹاف کو ہراساں کیا۔صحافی نے دعویٰ کیا تھا کہ ہوٹل انتظامیہ کی شکایت پر ٹیم انتظامیہ نے ابتدائی تحقیقات کیں جس کے بعد مذکورہ کھلاڑی کو جرمانہ بھی کیا گیا۔پی سی بی نے اس خبر کو گمراہ کن قرار دیتے ہوئے صحافی سے فوری طور پر معافی مانگنے کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ نمبر 19

76سالہ اداکار عاصم بخاری ایک عرصہ سے گردوں اور دل کے عارضے میں مبتلا تھے اور پچھلے پندرہ روز سے ہسپتال میں داخل تھے۔عاصم بخاری نے بے شمار ٹی وی ڈراموں، سٹیج اور فلموں میں کام کیا، انہیں ایکٹنگ کا استاد بھی جانا جاتا تھا، ورثا کی جانب سے نماز جنازہ کا اعلان تاحال نہیں کیا گیا۔واضح رہے کہ عاصم بخاری کے صاحبزادے اجلال بخاری بھی لندن کے ہسپتال میں پتے میں پتھری کے باعث زیر علاج ہیں۔

بقیہ نمبر 20

خاندان سے اظہار ہمدردی وتعزیت کیا ہے۔

بقیہ نمبر 21

مل سکی۔کے مطابق اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے ملنے کیلئے پارٹی رہنما پہنچے تھے لیکن انتظامیہ کی جانب سے کسی رہنما کو ملنے نہیں دیا گیا۔اجازت نہ ملنے پر پارٹی رہنما اڈیالہ جیل سے واپس روانہ ہوگئے۔بانی پی ٹی آئی سے ملنے کیلئے آنے والوں میں ایڈووکیٹ عاقل خان، ایڈووکیٹ عمیر بٹ، سعد علی خان، سردار منصور عباسی، ایم این اے مبین جٹ اور ایم پی اے حسن بٹر بھی ملاقات کیلئے آئے تھے۔

بقیہ نمبر 22

کہ ادویات کے خام مال اور پیکنگ مٹیریل کی عالمی سپلائی میں تعطل پیدا ہوسکتا ہے، اس لیے کمپنیاں ایک ہی سپلائر پر انحصار ختم کرکے متعدد ذرائع اختیار کرتے ہوئے اضافی ذخیرہ رکھیں۔ڈریپ نے کہا کہ عالمی حالات کے باعث شپنگ میں تاخیر یا دیگر غیر متوقع حالات کے باعث ادویات کی قلت کا خطرہ موجود ہے، اس لیے سپلائی چین کی سخت نگرانی، بلیک مارکیٹنگ اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کیلئے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ادارے نے سرکاری اداروں کو ترجیحی بنیادوں پر ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایات بھی جاری کردی ہیں۔

بقیہ نمبر 23

گاڑیاں چوری یا چھینی گئیں، اس کے علاوہ ڈکیتی کے دوران مزاحمت اور دیگر واقعات میں 96افراد کو قتل کردیا گیا۔دوسری جانب کراچی پولیس بھتہ خوروں کے خلاف بھی مؤثر کارروائی کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے، رواں سال اب تک بھتہ خوری کے 52مقدمات بھی درج کیے جاچکے ہیں۔

بقیہ نمبر 24

تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے مذاکرات کو فروغ دینے اور کشیدگی میں کمی کیلئے عمان کے تعمیری اور اصولی کردار کو سراہا۔انہوں نے ملک پر حالیہ حملوں کی روشنی میں عمان اور اس کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار بھی کیا۔نائب وزیراعظم نے پاکستان کے تحمل، کشیدگی میں فوری کمی اور سفارت کاری کی طرف واپسی کے مطالبے پر زور دیا۔انہوں نے کشیدگی کم کرنے اور خطے اور اس سے باہر امن واستحکام کو فروغ دینے کی تمام کوششوں کیلئے پاکستان کی مسلسل حمایت کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 25

کی۔دونوں رہنماں میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت پاکستان افغانستان، اسرائیل/امریکہ ایران اور خلیجی ریاستوں کی سیکورٹی صورتحال پر بھی بات چیت کی۔پاک برطانیہ تعلقات بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔مولانا فضل الرحمان نے برطانیہ سے خطے میں سکیورٹی صورتحال پر اپنا کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا،جس جین میریٹ نے کہا ہم اس حوالے سے ان تمام ممالک سے رابطے میں ہیں اور اپنا سفارتی کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 26

بھی آپریشن روک دیا گیا۔دوسری جانب اسرائیلی فوج نے تہران کے قریب ایک اہم جوہری تنصیب پر حملے کا دعویٰ کیا ہے۔جس میں آگ بھڑک اٹھی اور جوہری حساسیت نزدیک ہونے کے باعث شدید نقصان کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ ایران کے قریب تالیغان کمپاؤنڈ نامی جوہری تنصیب کو نشانہ بنایا جہاں مبینہ طور پر ایران جوہری ہتھیاروں کی تیاری کے لیے جدید دھماکا خیز مواد پر تحقیق کر رہا تھا۔اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ یہ تنصیب ایران کے خفیہ ایم اے ڈی پروگرام کا حصہ رہی ہے جس کا مقصد جوہری ہتھیاروں کی تیاری تھا۔ایران اس الزام کی تردید کرتا رہا ہے۔علاوہ ازیں اسرائیلی فضائیہ نے رات گئے دوران تہران میں حکومتی تنصیبات پر وسیع فضائی حملے بھی کیے۔ایران نے جنگ کے دائرہ کار کو مزید وسیع کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ خطے میں ٹیکنالوجی کمپنیوں کے دفاتر کو بھی نشانہ بنا سکتا ہے۔ایرانی خبر رساں ایجنسی تسنیم کے مطابق ممکنہ اہداف میں ایمیزون، گوگل، مائیکروسافٹ اور اینویڈیا جیسے بڑے اداروں کے دفاتر شامل ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

و وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔شہباز شریف سعودی عرب میں چند گھنٹے قیام کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد کے درمیان ملاقات ہو گی۔وزیراعظم شہباز شریف سعودی ولی عہد سے ملاقات کے دوران خطے میں جاری کشیدگی اور علاقائی سیکیورٹی صورتحال سمیت دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔شہباز شریف کا دورہ سعودی عرب بہت اہمیت کا حامل ہے، وزیراعظم کا دورہ دوطرفہ قریبی مشاورت، خطے میں امن وسلامتی سے متعلق امور پر رابطوں کا حصہ ہے۔وزیراعظم آفس کے مطابق پاکستان خطے میں کشیدگی کے خاتمے، جنگ بندی، مذاکرات اور سفارتکاری کے لیے کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 28

کامران ٹیسوری کو گورنر کے عہدے سے ہٹانا چونکا دینے والی خبر ہے اور یہ بات میڈیا کے ذریعے سامنے آئی۔انہوں نے کہا کہ اگر ایسا فیصلہ کرنا تھا تو ایم کیو ایم سے مشاورت کرنی چاہیے تھی،ایم کیو ایم سے بات کیے بغیر ایسے فیصلے کرکے غلط روایات قائم کی جارہی ہیں، ن لیگ والے اپنے مفاد کے فیصلوں میں ایم کیو ایم سے ووٹ ڈلوالیتے ہیں۔وسیم اختر نے کہا کہ میری رائے ہوگی کہ ہمیں وزارتوں سے باہر آ جانا چاہیے اور پارٹی کے ذمے داروں کو وزیراعظم سے بات کرنی چاہیے جبکہ ہمیں فوری طور پر وزارتوں سے الگ ہو جانا چاہیے، ہمارے مطالبات کی کسی ایک شق پر بھی عمل نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 29

وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار کی ایرانی وزیرخارجہ سے تین مرتبہ گفتگو ہو چکی ہے جبکہ وزیراعظم نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے بھی رابطہ کر کے خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ترجمان کے مطابق وزیراعظم جلد سعودی عرب کے دورے پر جا رہے ہیں اور اس دوران خلیجی ممالک کے ساتھ بھی قریبی رابطے برقرار ہیں جبکہ وزیراعظم کی عمان اور متحدہ عرب امارات سمیت خلیجی قیادت سے متعدد ٹیلیفونک گفتگو ہو چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں پل کا کردار ادا کرتے ہوئے مختلف دارالحکومتوں کے درمیان رابطوں کو فروغ دے رہا ہے اور پاکستان کا مؤقف ہے کہ تمام تنازعات کا حل خودمختاری کے احترام، بین الاقوامی قانون اور مکالمے کے ذریعے ہونا چاہیے۔طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے متعلق ممکنہ رابطوں کے بارے میں حتمی تصدیق نہیں کر سکتے تاہم دفاعی اور عسکری حکام ایرانی ہم منصبوں سے رابطے میں ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ افغانستان کے ساتھ رویے میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں آئی، ایک وفد کا دورہ افغانستان نجی حیثیت میں ہے جبکہ افغانستان پر ایک مذاکراتی عمل جاری ہے اور جلد چین کے نمائندہ خصوصی کی قیادت میں ایک وفد پاکستان پہنچے گا۔انہوں نے کہا کہ افغان طالبان کی جانب سے حال ہی میں 50 سے زائد جگہوں پر جارحیت کی گئی۔

بقیہ نمبر 30

کا مطالبہ کر چکے ہیں، پیپلز پارٹی نے حکومت سازی کے وقت کیے گئے معاہدوں کا حوالہ بھی متعدد بار دیا، تاہم ایم کیو ایم نے فوری طور پر مقف دینے سے گریز کیا ہے۔واضح رہے کہ سید نہال ہاشمی وکیل اور سیاست دان ہیں جو مارچ 2015 سے فروری 2018 تک سینیٹ آف پاکستان کے رکن رہے، وہ 1997 سے 1999 تک وزیراعظم پاکستان محمد نواز شریف کے مشیر برائے قانون انصاف اور انسانی حقوق رہے۔وہ 2012 کے دوران کراچی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے، اگست 2014 میں انہیں سندھ میں مسلم لیگ ن چیپٹر کا جنرل سیکرٹری مقرر کیا گیا، اکتوبر 2014 میں انہیں دوبارہ مسلم لیگ (ن) (سندھ کا جنرل سیکرٹری مقرر کیا گیا، وہ 2015 کے پاکستانی سینیٹ کے انتخابات میں مسلم لیگ ن کے امیدوار کے طور پر پنجاب سے جنرل نشست پر سینیٹ آف پاکستان کے لیے منتخب ہوئے تھے۔جون 2017 میں انہوں نے سینیٹ کے چیئرمین سے ملاقات کے بعد سینیٹ سے اپنا استعفیٰ واپس لے لیا، یکم فروری 2018 کو نہال ہاشمی کو سپریم کورٹ آف پاکستان کی توہین عدالت کیس میں سزا سنائی، انہیں ایک ماہ قید کی سزا سنائی گئی اور اگلے پانچ سال تک عوامی عہدہ رکھنے سے روک دیا گیا۔

بقیہ نمبر 31

پر فیصلہ محفوظ کیا جو کچھ دیر بعد سناتے ہوئے استدعا مسترد کردی۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس ارباب محمد طاہر نے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق درخواست پر تحریری حکم جاری کیا۔اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق درخواست پر طبی معائنے کے لیے نیا میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کا حکم دیا، چیف کمشنر اسلام آباد کو فوری طور پر میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کی ہدایت کی گئی، میڈیکل بورڈ میں ڈاکٹر محمد عارف خان اور پروفیسر ڈاکٹر ندیم قریشی شامل ہوں گے۔حکم دیا گیا کہ میڈیکل بورڈ اپنی سفارشات مرتب کر کے جلد از جلد چیف کمشنر اسلام آباد کو فراہم کرے گا، چیف کمشنر میڈیکل بورڈ کی سفارشات اور جیل قوانین کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال منتقل کرنے کا فیصلہ کریں گے۔یہ بھی حکم دیا گیا کہ پاکستان پریزن رولز کے رول 795کے تحت قیدی کی طبیعت زیادہ خراب ہونے پر لواحقین کو مطلع کرنا لازمی ہے، عدالت نے جیل حکام کو رولز کے مطابق سختی سے عملدرآمد کرنے کا حکم دے دیا، سپرنٹنڈنٹ جیل کی رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی صحت میں گزشتہ دوروں کی نسبت بہتری آئی ہے۔عدالتی حکم میں کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی کی اپنے وکلا سے ملاقات کے لیے لارجر بینچ کے طے کردہ طریقہ کار پر عمل کیا جائے۔

بقیہ نمبر 32

جارہی ہیں، 24یا 25مارچ کو شاید انکو تیسرا انجکشن لگے گا جس سے امید ہے کہ انکا آنکھ کا مسئلہ حل ہوجائے گا بحیثیت حکومت بانی پی ٹی آئی کا علاج ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس میں کوئی کوتاہی نہیں کر رہے۔

بقیہ نمبر 33

ایران پر امریکا اور اسرائیل کے پہلے حملے کے آغاز سے اب تک 1100سے زیادہ بچے جاں بحق یا زخمی ہو چکے ہیں، ان میں 200 بچے ایران ، 91 بچے لبنان، 4بچے اسرائیل اور 1 بچہ کویت میں مارا گیا، بچوں کو مارنے ، معذور کرنے، ان کی سہولیات کو تباہ کرنے یا ان میں خلل ڈالنے کا کوئی جواز نہیں۔یان میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش سے اپیل کی گئی کہ جنگ ختم کرنے اور سفارتی مذاکرات شروع کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔اعلامیے میں فریقین پر بھی زور دیا گیا کہ شہریوں کو کم سے کم نقصان پہنچانے کے لیے جنگ کے ذرائع اور طریقوں کے انتخاب میں ضروری احتیاط برتیں بالخصوص دھماکہ خیز ہتھیاروں کے استعمال سے گریز کریں جو بچوں کو سب سے زیادہ متاثر کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 34

فی بیرل اور 6مارچ کو 149ڈالر پر پہنچا، جو کارگو 7لاکھ ڈالر ملتا تھا وہ کارگو اب 70لاکھ ڈالر کا ملتا ہے، ایل پی جی ایران سے آتی ہے اور پہلے سے زیادہ آ رہی ہے۔فاروق ایچ نائیک کا کہنا تھا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے کس کو فائدہ پہنچایا گیا؟ پاکستان میں غریب طبقہ 55روپے اضافہ برداشت نہیں کرسکتا۔

بقیہ نمبر 35

کہ گورنر سندھ کو ہٹانے کا فیصلہ جاگیرداروں وڈیروں کو خوش اور بلیک میلنگ میں آ کر کیا گیا ہے یہ فیصلہ بالا ہی بالا کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے کامران ٹیسوری کے حوالے سے فیصلہ کر کے سنگین غلطی کی اور ایم کیو ایم کو بھی اس پر اعتماد میں نہیں لیا، جس کا مطلب ہے وفاقی حکومت نے ایم کیو ایم کو خیر آباد کہہ دیا ہے۔فاروق ستار نے کہا کہ اب ایم کیو ایم کا اخلاقی جواز نہیں بنتا کہ وہ اب حکومت میں رہے۔گورنر کو ہٹانے کے سلسلے میں اپنا بیانیہ ڈاکٹر خالد مقبول اور پارٹی قیادت کو پہنچا دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم قیادت اپنے اجلاس میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔اس فیصلے کو ایم کیو ایم نے ریڈ لائن نہ بنایا تو ایم کیو ایم کی سیاسی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔

بقیہ نمبر 36

مسلسل سائبر مانیٹرنگ جاری ہے، سسٹم سائبر خطرہ سامنے آتے ہی متعلقہ اداروں کو خودکار الرٹس جاری کردیتا ہے۔خودکار مانیٹرنگ سسٹم وفاقی حکومت کی 407ویب سائٹس کی نگرانی کررہا ہے، خیبرپختونخوا حکومت کی 282اور پنجاب کی 209ویب سائٹس کی مانیٹرنگ، سندھ حکومت کی 174اور بلوچستان حکومت کی 108ویب سائٹس کی نگرانی کی جارہی ہے۔گلگت بلتستان حکومت کی 51،آزاد کشمیر کی 133ویب سائٹس بھی سسٹم میں شامل ہیں۔نجی شعبے کی 119اور بینکنگ سیکٹر کی 44ویب سائٹس کی بھی نگرانی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 37

قوم کی رہنمائی کرنے میں میری مدد فرمائے۔ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ ایرانی فورسز نے دشمن کو حاوی نہیں ہونے دیا، دشمن جھوٹ کا سہارا لے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آیت اللہ خامنہ ای کو 10 رمضان کو قرآن پڑھتے ہوئے شہید کیا گیا، مشکل وقت میں ایرانی عوام نے ہمیشہ بہتر فیصلے کئے، ایرانی فورسز نے دشمن کو دندان شکن جواب دیا۔

بقیہ نمبر 38

ہیں۔دوسری جانب وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ جمعہ کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں رد و بدل کا اعلان کیا جائے گا، پیٹرولیم مصنوعات کی اوسط قیمتوں کی بنیاد پر نئی قیمتوں کا تعین ہوگا۔انہوں نے کہا کہ فی الحال کچھ نہیں کہا جاسکتا کہ پیٹرول مہنگا ہوگا یا نہیں۔واضح رہے کہ خطے کی صورتحال اور عالمی مارکیٹ میں تیل کی بڑھتی قیمتوں کو دیکھتے ہوئے حکومت نے گزشتہ ہفتے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں 55روپے فی لیٹر اضافہ کیا تھا۔

بقیہ نمبر 39

کردی۔نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی ناردرن کیلئے فی ایم ایم بی ٹی یو قیمت میں 2.22ڈالر اضافہ کردیا، سوئی ناردرن صارفین کیلئے فی ایم ایم بی ٹی یو نئی قیمت 13.55ڈالر مقرر کردی۔سوئی سدرن کیلئے فی ایم ایم بی ٹی یو ایل این جی 634روپے مہنگی کردی گئی، نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی سدرن کیلئے فی ایم ایم بی ٹی یو قیمت میں 2.26ڈالر اضافہ کردیا گیا، سوئی سدرن کے لیے ایل این جی کی فی ایم ایم بی ٹی یو نئی قیمت 12.53ڈالر مقرر کردی گئی۔

بقیہ نمبر 40

کا فیصلہ کیا گیا ہے۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ انسٹی ٹیوشن برانچ جمعہ اور ہفتہ کو محدود عملے کے ساتھ کھلی رہے گی جبکہ یہ اقدامات نیشنل جوڈیشل (پالیسی میکنگ) کمیٹی کی ہدایات اور توانائی بچت پالیسی کے تحت کیے گئے ہیں۔پشاور ہائیکورٹ کے تمام بنچز پر نیا ورکنگ شیڈول فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

بقیہ نمبر 41

دفاتر بند رہیں گے۔

بقیہ نمبر 42

کیو حملہ کیس کے باعث شیخ رشید کا نام سٹاپ لسٹ میں ڈالا گیا ہے، عدالت عمرہ جانے سے متعلق سنگل بنچ کا فیصلہ کالعدم قرار دے۔دوران سماعت پٹیشنر کے وکیل نے مقف اپنایا کہ آئین کا آرٹیکل 15ہر شہری کو آزادانہ نقل وحرکت اور بیرون ملک سفر کا حق دیتا ہے، سپریم کورٹ ماضی میں ٹرائل کے باوجود کئی افراد کو بیرون ملک سفر کی اجازت دے چکی ہے۔اس موقع پر عدالت کی جانب سے کہا گیا کہ شیخ رشید نے عدالتی رعایت کا ناجائز فائدہ نہیں اٹھایا، جسٹس جواد حسن نے ریمارکس دیے کہ معاملہ ٹرائل کورٹ کو واپس کیوں نہ بھیج دیا جائے۔پٹیشنر کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ ٹرائل کورٹ کو سٹاپ لسٹ سے نام نکالنے کا اختیار حاصل نہیں ہے، جس پر دلائل مکمل ہونے کے بعد لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ نمبر 43

نے ایک وکیل کی درخواست پر سماعت کی۔وفاقی حکومت کے وکیل نے کہا کہ اوگرا کی سمری کی روشنی میں قیمتوں کا تعین کیا جاتا ہے، درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ حکومت تحریری طور پر بتائے جو بھی بتانا ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ دنوں وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے پٹرول اور ڈیزل کی فی لٹر قیمت میں بڑے اضافے کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ نمبر 44

تفصیلی رپورٹ ارسال کر دی ہے۔پی ایس او کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قلت سے متعلق جان بوجھ کر غلط معلومات پھیلائی جا رہی ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ صرف سرکاری ملکیت میں پیٹرول اور ڈیزل کا 20دن سے زائد کا ذخیرہ موجود ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ نجی آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے پاس موجود اسٹاک اس کے علاوہ ہے، ملک میں ڈیزل کی تقریباً 80فیصد ضرورت مقامی ریفائنریز کی پیداوار سے پوری کی جارہی ہے، جس سے سپلائی کی صورت حال مستحکم ہے۔پی ایس او کے مطابق رواں ماہ کے لیے عمان سے پیٹرول کے دو کارگوز خریدے جاچکے ہیں جو شیڈول کے مطابق پاکستان پہنچ چکے ہیں، جبکہ حکومتی معاونت سے سعودی عرب کی کمپنی آرامکو سے بھی پیٹرول کا ایک کارگو حاصل کیا گیا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پیٹرول کا ایک اور جہاز اپریل کے پہلے ہفتے کے لیے خریدا جاچکا ہے جبکہ 10مارچ کو کھولے گئے ٹینڈر کے تحت 25اپریل تک پیٹرول کا ایک اور کارگو حاصل ہونے کی توقع ہے۔پی ایس او نے بتایا کہ مختلف ٹینڈرز پر بولیاں 13مارچ تک کارآمد ہیں اور اپریل کے لیے پیٹرول کا ایک اور ٹینڈر 16مارچ کو کھولا جائے گا، ملک میں ڈیمانڈ اور سپلائی کی صورت حال کے مطابق کارگوز کی تعداد کا فیصلہ کیا جائے گا۔رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ آنے والے زرعی سیزن اور اسٹریٹجک اسٹاک کو مدنظر رکھتے ہوئے متبادل آپشنز پر بھی کام کیا جارہا ہے تاکہ سپلائی میں کسی ممکنہ رکاوٹ سے بچا جاسکے۔

بقیہ نمبر 45

کردیں تو کیا ہوجائے گا؟اسلام آباد میں پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کے معاملے پر پوری جماعت اور پاکستان میں تشویش ہے۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ 15مرتبہ گئے، ہمیں کہا گیا کہ ہائی کورٹ چلے جائیں۔ہائی کورٹ 20دفعہ گئے، 21ویں بار تاریخ پڑ گئی اور آج آرڈر آ گیا۔بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ذاتی معالج اور خاندان بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہو، تو انسانی بنیادوں پر بھی ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ تفصیلی فیصلہ آئے گا تو پڑھیں گے، جج صاحب نے جو سرسری حکم دیا وہ سنا۔یہ نہیں سنا کہ یہ حکم دیا کہ فزیشن اور فیملی ممبر کی موجودگی ان کے ساتھ ہو۔اگر یہ دونوں چیزیں نہ ہوں تو یہ نامکمل ہے۔

بقیہ نمبر 46

گورنر سندھ کیلئے نامزد ہونے پر اللہ کا شکر گزار ہوں، وزیر اعظم شہباز شریف اور قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف کا شکر گزار ہوں۔انہوں نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری کا بھی شکر گزار ہوں، حلف برداری کے بعد اپنی ترجیحات سے آگاہ کروں گا۔

حکومت سندھ کا کفایت شعاری اقدامات مزید سخت کرنے کا فیصلہ

اجلاس میں سرکاری محکموں کیساتھ بلدیاتی اداروں کی گاڑیوں کے ایندھن میں بھی 50 فیصد کمی، 60 فیصد حصہ فوری طور پر گراؤنڈ کرنے کا فیصلہ ہوا

وسائل کے محتاط استعمال کو یقینی بنارہے ہیں، فیصلوں کا مقصد عوامی خدمات کی فراہمی متاثر ہوئے بغیر توانائی کے استعمال میں کمی لانا ہے، شرجیل میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے توانائی کے ممکنہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کفایت شعاری اقدامات مزید سخت کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے سرکاری افسران کے فیول میں 50 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیرصدارت قائم کفایت شعاری کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں توانائی کے موثر استعمال، سرکاری اخراجات میں کمی اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری محکموں کے ساتھ بلدیاتی اداروں کی گاڑیوں کے ایندھن میں بھی 50 فیصد کمی اور سرکاری گاڑیوں کا 60 فیصد حصہ فوری طور پر گراؤنڈ کرنے کا فیصلہ ہوا۔ کفایت شعاری کمیٹی نے سیکرٹری جی اے کو روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات کی۔ اجلاس میں گراؤنڈ کی جانیوالی گاڑیوں کے نمبرز، دیگر تفصیلات جمع کرنے کے لیے پروفارما تیار کرنے اور کسی محکمے کے ہدایات کی خلاف ورزی پر متعلقہ گاڑی کو تحویل میں لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر حکومت سندھ وسائل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

کراچی: چیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹو زرداری کیساتھ رکن سندھ اسمبلی حسن علی شاہ کا گروپ فوٹو

توشہ خانہ ٹو کیس؛ اسلام آباد ہائیکورٹ کا اپیلوں پر نمبر لگانے کا حکم

عمران خان اور بشریٰ کی اپیلوں پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کردیئے گئے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) توشہ خانہ ٹو کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے اپیلوں پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کرتے ہوئے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں پر نمبر لگانے کا حکم دے دیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور انکی اہلیہ بشریٰ بی بی کی اپیلیں بروقت دائر نا ہونے کا اعتراض ختم کرنے کی درخواست پر سماعت کی۔ عمران خان اور بشریٰ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

گل پلازہ پر آواز اٹھانے 'کراچی بچاؤ کانفرنس کی سزا دی گئی تو یہ کام کرتا رہوں گا، کامران ٹیسوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ چھیڑو گے تو چھوڑیں گے نہیں، کس نے ہٹایا اور کس

کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ شہر کے جو بھی مسائل ہیں ان پر میری آواز ایسے ہی بلند ہوتی رہے گی، اگر کے کہنے پر ہٹایا سب جانتا ہوں۔ کراچی میں تقریب سے خطاب ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

ٹرمپ ایران جنگ سے ہل گئے ہیں ◻ کہہ نہیں پا رہے، سینئر سیاست دان مشاہد حسین سید

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سینئر نہیں پارہے، اس جنگ نے صدر ٹرمپ کا



سیاست دان مشاہد حسین سید کا ﷺ ہے کہ ٹرمپ اس جنگ سے ہل گئے ہیں ◻ کہہ سیاسی مستقبل داؤ پر لگا دیا ہے۔ سینئر سیاست دان مشاہد حسین سید ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کیخلاف درخواست پر وفاق سے جواب طلب

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور ہائی کورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کے خلاف درخواست پر وفاقی حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس عابد عزیز شیخ نے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

شیخ رشید کی عمرہ روانگی سے متعلق کیس کا فیصلہ دلائل مکمل ہونے پر محفوظ

راولپنڈی (ویب ڈیسک) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کی عمرہ روانگی سے متعلق انٹرا کورٹ اپیل پر لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے راولپنڈی بنچ میں اپیل کی سماعت ڈویژن بنچ جسٹس جواد حسن اور جسٹس طارق محمود باجوہ نے کی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مئوقف اختیار کیا کہ جی ایچ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

پیٹرول اور ڈیزل کی قلت سے متعلق جان بوجھ کر غلط معلومات پھیلائی جارہی ہیں، پی ایس او

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) نے کہا ہے کہ ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قلت سے متعلق جان بوجھ کر غلط معلومات پھیلائی جارہی ہیں حالانکہ 20 دن سے زائد کا ذخیرہ موجود ہے۔ پی ایس او نے مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ اور آبنائے ہرمز کی صورت حال کے تناظر میں وزارت پیٹرولیم اور حساس اداروں کو ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی سے متعلق ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

حیدرآباد میں بچت بازار میں اشیائے خوردونوش کی فروخت میں اضافہ

سندھ حکومت کا آج صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ حکومت نے آج صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان کردیا۔ سندھ حکومت کے محکمہ سروسز جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق جمعہ 13 مارچ کو صوبے میں تمام سرکاری ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

پشاور ہائیکورٹ میں توانائی بچت کیلئے ہفتے میں 4 دن کام کرنے کا فیصلہ

پشاور (ویب ڈیسک) پشاور ہائیکورٹ میں توانائی بچت کے اقدامات کے تحت ہفتے میں چار دن کام کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق پیر سے جمعرات تک باقاعدہ عدالتی کارروائی ہوگی جبکہ جمعہ اور ہفتہ کو عدالت بند رہے گی۔ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کی منظوری سے نیا انتظامی حکم نامہ جاری کردیا گیا ہے جس کے تحت ججز کے پیٹرول کے استعمال میں بھی 50 فیصد کمی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

سندھ ریونیو بورڈ کے محصولات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

وزیراعلیٰ سندھ کی زیرصدارت اجلاس، ایس آر بی کی کارکردگی اور لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ ریونیو بورڈ (ایس آر بی) کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا اور ایک مشکل دور کے بعد مالی سال 2025-26 میں آنے والی صوبے کی مالی بحالی میں اس کے مرکزی کردار کو اجاگر کیا۔ جائزے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

حیدرآباد: کپڑے بازار میں عیدالفطر سے پہلے عید کی خریداری کا جنون

آپریشن غضب للحق، ٹل اور ژوب سیکٹر میں افغان طالبان کی پوسٹیں مکمل تباہ

پاک فوج نے ژوب سیکٹر سے ملحقہ سرحدی علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کی ایک پوسٹ کو نشانہ بنا کر تباہ کردیا

اس کارروائی کے نتیجے میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے عناصر وہاں سے فرار ہونے پر مجبور ہوگئے، سکیورٹی ذرائع

راولپنڈی (ویب ڈیسک) آپریشن غضب للحق کے تحت پاک افواج کی افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے پاک افغان سرحد پر ٹل سیکٹر سے ملحقہ افغان طالبان کی پوسٹوں کو نشانہ بنایا، پاک فوج کی مؤثر کارروائی کے دوران افغان طالبان پوسٹیں مکمل طور پر تباہ ہو ﷺ۔ افغان طالبان کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

پشاور (ویب ڈیسک) خیبرپختونخوا میں بروقت بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لئے درخواست پشاور ہائیکورٹ میں دائر کر دی گئی۔ درخواست لوکل کونسل ایسوسی ایشن خیبرپختونخوا کی جانب سے دائر کی گئی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

وفاق نے گورنر سندھ کی تبدیلی پر اعتماد میں نہیں لیا، ایم کیوایم

ایم کیوایم پاکستان اس فیصلے پر جلد اپنا لائحہ عمل طے کرے گی، ترجمان

کراچی (ویب ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان نے کہا ہےکہ وفاقی حکومت نے گورنر سندھ کی تبدیلی پر اعتماد میں نہیں لیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ترجمان ایم کیوایم نے اپنے بیان میں کہا کہ ہمیں گورنر سندھ کی تبدیلی کا علم ذرائع ابلاغ سے ہوا ہے۔ ترجمان کا ﷺ تھا کہ وفاق کی جانب سے ایم کیو ایم پاکستان کو اس فیصلے پر اعتماد میں نہیں لیا گیا اور ایم کیو ایم پاکستان اس فیصلے پر جلد اپنا لائحہ عمل طے کرے گی۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے کامران ٹیسوری کو ہٹا کر ان کی جگہ مسلم لیگ ن کے رہنما ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

چوہدری شوگر ملز ریفرنس بند کرنے کے کیس میں اہم پیشرفت

لاہور (ویب ڈیسک) احتساب عدالت نے وزیراعلیٰ مریم نواز اور نواز شریف کیخلاف چوہدری شوگر ملز ریفرنس بند کرنے کے کیس میں ڈی جی نیب کو فوری ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ احتساب عدالت کے جج رانا عارف نے نیب ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

پی این ایس سی کے دو جہاز آبنائے ہرمز میں پھنس گئے

آبنائے ہرمز سے متعلق ممکنہ رابطوں بارے میں حتمی تصدیق نہیں کرسکتے، ترجمان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کے دو جہاز آبنائے ہرمز میں پھنس گئے۔ وزارت میری ٹائم نے وزارت خارجہ سے ہنگامی رابطہ کرلیا۔ وزیر میری ٹائم جنید چوہدری کا ﷺ ہے کہ وزارت خارجہ سے کہا ہے کہ ایرانی حکام سے پاکستانی جہازوں کی حفاظتی راہداری دینےکی بات کی جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کا ﷺ ہے کہ دفاعی اور عسکری حکام ایرانی ہم منصبوں سے رابطے میں ہیں، آبنائے ہرمز سے متعلق ممکنہ رابطوں بارے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

تیز رفتار بس کے تصادم سے کنٹینر ایم اے جناح روڈ پر گاڑیوں پر گر گیا

کراچی میں سٹریٹ کرائم بے قابو، ڈھائی ماہ میں 11 ہزار سے زائد وارداتیں

شہری 7 ہزار 847 موٹرسائیکلوں سے محروم، 3 ہزار 158 شہریوں سے موبائل فونز چھین لیے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں پولیس اقدامات اور سیف سٹی کیمروں کی تنصیب کے باوجود جرائم پر قابو نہ پایا جاسکا، رواں سال کے ابتدائی ڈھائی ماہ کے دوران سٹریٹ کرائم کی 11 ہزار 525 سے زائد وارداتیں رپورٹ ہوچکی ہیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق اس عرصے میں شہریوں کو 7 ہزار 847 موٹر سائیکلوں سے محروم کردیا گیا جبکہ 3 ہزار 158 شہریوں سے موبائل فونز چھین لیے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق رواں سال کے ابتدائی ڈھائی ماہ میں 371 ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

پیپلزپارٹی کی سرشت میں کراچی سے دوستی نہیں دشمنی ہے، لیاقت بلوچ

بلاول بھٹو زرداری ضد کو چھوڑیں، آزادانہ طریقہ سے کراچی سٹی کونسل کو اپنا حقیقی نمائندہ میئر بنانے دیں

کراچی (ویب ڈیسک) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا کہ پیپلزپارٹی کی سرشت میں کراچی سے دوستی نہیں دشمنی ہے، وقت نے ثابت کیا ہے کہ بلاول بھٹو کا اپنا لاڈلا میئر لانا کراچی کے لیے عذاب بن گیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری ضد کو چھوڑیں، غلطی کو تسلیم کریں اور آزادانہ طریقہ سے کراچی سٹی کونسل کو اپنا حقیقی نمائندہ میئر بنانے دیا جائے۔ پیپلزپارٹی نے کراچی کے عوام کو پانی، بجلی سمیت بنیادی ضرورت سے محروم کردیا ہے۔ مسلم ممالک میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کراچی کے تین ہٹی علاقے میں ٹریفک کا افراتفری، ٹریفک پولیس حکام کی غفلت کو اجاگر کرتی ہے

ایرانی صدر نے جنگ بندی کیلئے 3 اہم شرائط رکھ دیں

ایران کے آئینی حقوق تسلیم کیے جائیں، جنگ میں ایران کے نقصانات کا ہرجانہ ادا کیا جائے، مسعود پزشکیان

آئندہ ایران کے خلاف جارحیت نہیں ہوگی عالمی طاقتیں اس کی ضمانت دیں، ایرانی صدر کا جاری بیان

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اسرائیل اور امریکا سے جنگ بندی کیلئے 3 شرائط رکھ دیں۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ ایران کے آئینی حقوق تسلیم کیے جائیں، جنگ میں ایران کے نقصانات کا ہرجانہ ادا کیا جائے، اور آئندہ ایران کے خلاف جارحیت نہیں ہوگی عالمی طاقتیں اس کی ضمانت دیں۔ ایرانی صدر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

اسحاق ڈار کا عمان کے وزیر خارجہ بدر بن حمد البوسیدی سے ٹیلیفونک رابطہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عمان کے وزیر خارجہ بدر بن حمد البوسیدی سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس میں مشرق وسطیٰ اور وسیع تر خطے میں پیدا ہونے والی سنگین اور بدلتی ہوئی صورتحال پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

کراچی: ٹریفک کی خلاف ورزیاں، لیاقت آباد علاقے میں متعلقہ حکام کی غفلت کو اجاگر کرتی ہیں

مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ لاکھوں بچوں کیلئے تباہ کن بن چکی، یونیسیف

نیویارک (ویب ڈیسک) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ خطے کے لاکھوں بچوں کے لیے تباہ کن بن چکی ہے۔ بی بی سی کے مطابق یہ بات اقوام متحدہ کے ادارہ برائے اطفال (یونیسیف) نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ یونیسیف نے کہا کہ 28 فروری کو ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

عیدالفطر سے پہلے حیدرآباد کے ریشم بازار میں خواتین چوڑیاں خرید رہی ہیں

ایران جنگ: پاکستان میں ادویات کی قلت کا خطرہ بڑھ گیا

ممکنہ بحران کے پیش نظر ڈریپ نے فارما کمپنیوں کیلیے ہنگامی ایڈوائزری جاری کردی

کراچی (ویب ڈیسک) ایران جنگ کے باعث پاکستان میں ادویات کی قلت کا خطرہ بڑھ گیا ہے ڈریپ نے ہنگامی ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ ایران جنگ اور مشرق وسطیٰ میں مسلسل بڑھتی ﷺگی کے باعث پاکستان میں دواؤں کی فراہمی متاثر ہونے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ عالمی ﷺگی کے باعث ممکنہ بحران کے پیش نظر ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) نے فارما کمپنیوں کیلیے ہنگامی ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ ڈریپ نے خبردار کیا ہے کہ ادویات ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

کراچی، سخت سیکورٹی کے باوجود سیل مارکیٹ میں بڑی چوری

موبائل شاپ سے 23 لاکھ کا مال غائب، پولیس چیف سے ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ طلب کرلی

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد کے علاقے صدر میں یوم حضرت علیؓ کے مرکزی جلوس کے موقع پر سخت سیکورٹی اور مارکیٹ سیل ہونے کے باوجود موبائل فون کی دکان میں بڑی چوری کی واردات سامنے آگئی۔ نامعلوم ملزمان دلدار سینٹر میں قائم موبائل شاپ ساحل الیکٹرونکس سے لاکھوں روپے مالیت کے موبائل فونز اور نقدی لے اڑے۔ صدر موبائل اینڈ الیکٹرونکس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے رہنما منہاج گلفام کے مطابق دکان سے تقریباً 20 لاکھ روپے مالیت کے موبائل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

سلمان مرزا نے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات پر نجی چینل کے صحافی کو قانونی نوٹس بھیج دیا

لاہور (ویب ڈیسک) قومی کرکٹر سلمان مرزا نے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات پر نجی چینل کے صحافی کو قانونی نوٹس بھیج دیا۔ سلمان مرزا نے سوشل میڈیا پر اپنی قانونی ٹیم کی وساطت سے نجی چینل اور اس کے صحافی کو قانونی نوٹس ✱ سے متعلق آگاہ کیا۔ نجی چینل کے صحافی نے 5 مارچ کو سلمان مرزا پر الزام عائد کیا تھا کہ انہوں نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

پی ٹی آئی کے 120 ارکان سے زبردستی پارٹی چھڑوائی گئی، شیر افضل مروت

اسلام آباد (ویب ڈیسک) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 120 ارکان سے زبردستی پارٹی چھڑوائی گئی ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ پارٹی سے نکالے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

خراب کارکردگی پر ڈسکوز کے افسران کیخلاف کارروائی کا حکم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اویس لغاری نے بجلی کے صارفین کی شکایات کے ازالے کیلئے نیا ضابطہ کار جاری کر دیا۔ اسلام آباد پاور ڈویژن کے مطابق وفاقی وزیر نے خراب کارکردگی پر ڈسکوز کے افسران کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

پیٹرول پر 20 روپے ٹیکس اور 35 روپے قیمت بڑھائی گئی، مفتاح اسماعیل

وزیراعظم کو پی ایس ڈی پی 50 فیصد کم کرنا چاہیے تھا، پی ایس ڈی پی کم کرتے تو گمنا کفایت شعاری ہوئی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ پیٹرول پر 20 روپے ٹیکس اور 35 روپے قیمت بڑھائی گئی، جان بوجھ کر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت بڑھائی گئی۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے مفتاح اسماعیل نے کہا کہ پیٹرولیم ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

پی ٹی آئی رہنماؤں کو اڈیالہ جیل میں بانی سے ملاقات کی اجازت نہ ملی

راولپنڈی (ویب ڈیسک) تحریک انصاف کے رہنماؤں کو ملاقات کی اجازت نہیں مل سکی۔ تفصیلات کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں آج پارٹی رہنماؤں کی ملاقات کا دن تھا تاہم ملاقات کی اجازت نہیں مل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

مریم نواز کا سینئر اداکار عاصم بخاری کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سینئر اداکار عاصم بخاری کے انتقال پر اظہار افسوس کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی و ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

بے شمار ٹی وی ڈراموں کے سینئر اداکار عاصم بخاری 76 برس کی عمر میں انتقال کر گئے

لاہور (ویب ڈیسک) سینئر اداکار عاصم بخاری لاہور میں رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ سینئر اداکار عاصم بخاری گزشتہ رات سے قومہ میں چلے گئے تھے، ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

خیبر پختونخوا حکومت کا 60 فیصد گاڑیاں گراؤنڈ کرنے کا فیصلہ

سرکاری گاڑیوں کو 2 ماہ کے لئے گراؤنڈ کردیا، ریسکیو، پولیس، ایمرجنسی سروسز فراہم کرنے والے ادارے اس فیصلے سے مستثنیٰ ہوں گے

صوبے کی 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کرنے سے کروڑوں روپے کی بچت ہوگی، فیصلے پر ہر صورت عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے

پشاور (ویب ڈیسک) ملک میں ممکنہ ایندھن بحران کے خدشے کے باعث خیبرپختونخوا حکومت نے بڑا فیصلہ کر لیا۔ توانائی بچت کے لیے صوبائی حکومت نے 60 فیصد گاڑیاں گراؤنڈ کرنے کا فیصلہ کر لیا، صوبے کی 60 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کرنے سے کروڑوں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF HOUSING & WORKS
FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING AUTHORITY
CORRIGENDUM
FRAME WORK AGREEMENT TENDER NOTICE FOR WORKSHOP FOR VEHICLES MAINTENANCE/MOTORCYCLES REPAIRING F.Y (2026-27).
1. Federal Government Employees Housing Authority invited the PRE-QUALIFICATION AND FRAME WORK AGREEMENT TENDER NOTICE FOR WORKSHOP FOR VEHICLES MAINTENANCE /MOTORCYCLES REPAIRING F.Y (2026-27), through National Dailies vide PID No.7331/25 & 7367/25 tender document uploaded on **www.fgeha.gov.pk** and **www.ppra.gov.pk** websites on 10-03-2026.
2. The Tender subject has been changed from PRE-QUALIFICATION to Frame Work Agreement.
3. Tender documents having details specification along with terms and conditions can be obtained from **www.fgeha.gov.pk** and **www.ppra.gov.pk** free of cost from undersigned on any working day from **10:00 am to 04:00 pm.**
Assistant Director (C.S) Federal Government Employee Housing Authority 10-Mauve Area, Sector G-10/4, Islamabad. Ph: 051:9106044
PID(I) 7504/25